آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعہ 15 جنوری 2021ء بمطابق 30 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 15

حکومت مذہبی ہم آہنگی کے فروغ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

موجودہ حکومت صوبہ میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

اقلیتوں کا صوبہ کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ اہم کردار رہا ہے بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے

حکومت نے اقلیتی امور کا علیحدہ محکمہ قائم کرکے اقلیتوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کیا ہے' جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین ون مین کمیشن برائے اقلیتی امور ڈاکٹر شعیب سندل نے یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں حضرات کے روز ملاقات کی رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر رمیش کمار، پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور دھنیش کمار، سیکرٹری اقلیتی امور عبدالفتح بھنگر اور اسپیشل سیکرٹری اسفند یار بلوچ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، سماجی و معاشی بہتری کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین ون مین کمیشن نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے احکامات کی روشنی میں ون مین کمیشن نومبر 2019 میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل فیاض حسین شاہ الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
اہل تشیع ظہرین	12:30
اہل تشیع مغربین	6:15

الیکشن کمیشن کے باہر احتجاج میں کاؤنٹ نہیں بنیں گے

خلاف ورزی پر ایکشن ہوگا

وفاقی حکومت کا اعلان

آپ ہر ادارے کے خلاف ہیں، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) 19 جنوری کو الیکشن کمیشن میں ثبوت پیش کریں، فنڈنگ کی رسیدیں اور جوابات لے کر آئیں، فوج، سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن کے خلاف تقریریں کرتے ہیں

ملک میں کسی ادارے کو تو سلامت رہنے دیں، ختم نبوتؐ کے معاملے پر مولانا فضل الرحمن نے جیل کاٹی ہے تو بتائیں، اشتعال انگیز نعرے نہ لگائے جائیں، دنیا مشرق سے مغرب ہو جائے عمران خان اسرائیل کو تسلیم کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا

پاکستان کی سیاست میدان میں آگئی ہے، یہ بند گلی میں لے جانا چاہتے ہیں، عمران خان پانچ سال پورے کریگا، اسلام آباد پولیس کا رویہ ٹھیک ہو جائیگا، وفاقی وزراء شیخ رشید، شبلی فراز، فروغ نسیم، پرویز خٹک اور فواد چوہدری کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ الیکشن کمیشن کے باہر اپوزیشن کے احتجاج میں حکومت رکاوٹ نہیں بنے گی، امید ہے احتجاج قانون اور آئین کے دائرے میں ہوگا، خلاف ورزی پر ایکشن لیا جائیگا، آپ ہر ادارے کے خلاف ہیں، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) 19 جنوری کو الیکشن کمیشن میں ثبوت پیش کریں، فنڈنگ کی رسیدیں اور جوابات لے کر آئیں، فوج، سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن کے خلاف تقریریں کرتے ہیں، ملک میں کسی ادارے کو تو سلامت رہنے دیں، ختم نبوتؐ کے معاملے پر مولانا فضل الرحمن نے جیل کاٹی ہے تو بتائیں، اشتعال انگیز نعرے نہ لگائے جائیں، دنیا مشرق سے مغرب ہو جائے عمران خان اسرائیل کو تسلیم کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا، مولانا فضل الرحمن اسلام کی طرف دیکھیں، اسلام آباد ان

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن بشریٰ رند پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہے

لوراڑائی جلسہ ناکام، پی ڈی ایم کچھ لوگوں کا ٹولہ ہے بشریٰ رند

پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں گزشتہ 20 سالوں سے برسر اقتدار رہی سیاست کرنے کا حق سب کو ہے' صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بشریٰ رند نے کہا ہے کہ لورالائی جلسہ ناکام پی ڈی ایم کچھ لوگوں کا ٹولہ ہے ملک کو قرضوں میں ڈوبانے والے آج پاکستان دشمنی پر اتر آئے ہیں پی ڈی ایم کے موقف سے ملک کو نقصان پہنچ رہا ہے بلوچستان

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ویرات کوہلی نے نواز شریف سے ہی سیکھا ہے' مجھے کیوں ہرایا، شہباز گل

بھارت ہمارا روایتی حریف ہے اور اسکے خلاف کامیابی کا اپنا مزہ ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا اور عمران خان ہمیشہ ہر میدان میں کامیاب ہوئے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بھارت ہمارا روایتی حریف ہے اور اسکے خلاف کامیابی کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان اور ترکی بالخصوص دونوں فضائی افواج کے مابین دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے ترکی کے چار روزہ سرکاری دورے کے دوران ترکی کی اعلیٰ فوجی قیادت سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان اور ترکی بالخصوص دونوں فضائی افواج کے مابین دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے ترکی کے وزیر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

پانامہ پیپرز اور براڈشیٹ نے کرپٹ مافیا کے کالے دھن کو آشکار کر دیا ہے، سینیٹر شبلی فراز

ماضی کے کرپٹ حکمرانوں نے اپنے گھر بھرے اور پاکستان کے عوام کو لوٹا، وزیر اطلاعات کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پانامہ پیپرز اور براڈشیٹ نے کرپٹ مافیا کے کالے دھن کو آشکار کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پانامہ پیپرز اور براڈشیٹ نے کرپٹ مافیا کے کالے دھن کو آشکار کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد ڈپٹی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی آذربائیجان کے وزیر خارجہ کا وزارت خارجہ آمد پر گرمجوشی مقدم کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ روڈ چین مسجد کے قریب کار الٹنے 1 جاں بحق 2 افراد زخمی

نورالائی (آن لائن) کوئٹہ روڈ چین مسجد کے قریب کار الٹنے سے کار میں سوار شیز اور فیصل نواز ولد احمد

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاک ایران 250 باڈر کراسنگ پر مریض نے دم توڑ دیا

گوادر (آن لائن) پاک ایران 250 باڈر کراسنگ پر مریض نے دم توڑ دیا، پاکستان آنے کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پنجگور سی پی روڈ پر گاڑی کے ٹائر بسٹ ہونے کے باعث حادثہ ایک شخص زخمی جبکہ گاڑی آگ لگ جانے باعث گاڑی خاکستر ہوگئی

پنجگور (این این آئی) پنجگور سی پی روڈ پر گاڑی کے ٹائر بسٹ ہونے کے باعث حادثہ ایک شخص زخمی جبکہ گاڑی آگ لگ جانے باعث گاڑی خاکستر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور کے علاقے سی پیک روڈ پاشکان جھلک ایریا میں ایرانی ساخت گاڑی ٹائر بسٹ ہونے کی وجہ سے الٹ گئی جس کے باعث گاڑی آگ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

دالبندین' ایک شخص کو سر پر گولی مار کر قتل کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار

دالبندین (آن لائن) دالبندین لیویز نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص کو سر پر گولی مار کر قتل

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں بس سے گر کر بچہ جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بس سے گر کر بچہ جاں بحق۔ پولیس کے مطابق حضرات کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

2021 صحت کے شعبے میں میدان پاکستان آلات درستیوں کیلئے گیم چینجر ہوگا، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ یہ سال صحت کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

حکومت سے مہنگائی تو کنٹرول نہیں ہو رہی، شہروں سے کچرا ہی اٹھوا دے، آصف کرمانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آصف کرمانی نے کہا ہے کہ حکومت سے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

شہزادہ اکبر نے مریم اورنگزیب کے بعد عظمیٰ بخاری کو بھی نوٹس بھیج دیا

اسلام آباد (این این آئی) مشیر برائے احتساب و داخلہ شہزادہ اکبر نے مریم اورنگزیب کے بعد عظمیٰ بخاری کو

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بیرسٹر سلطان کی آرمی چیف سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف آزاد جموں و کشمیر کے صدر اور آزاد کشمیر کے سابق وزیر اعظم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

کورونا سے 46 افراد جاں بحق، 33 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ

نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 574 کورونا ٹیسٹ کئے گئے

ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 46 افراد جاں بحق، فعال کیسز کی تعداد 33 ہزار سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 46 افراد جاں بحق ہو گئے، فعال کیسز کی تعداد 33 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 574 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 کیسز کی تعداد 72 لاکھ ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 5 لاکھ 11 ہزار 921 ہو گئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 30 ہزار 718، پنجاب میں ایک لاکھ ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی براڈشیٹ معاملے پر اے جی کو انکوائری کرکے رپورٹ کرنے کی ہدایت

پی اے سی نے اڑھائی سال کے دوران پانچ سو ارب روپے ریکور کیے، ارکان کمیٹی نے احتجاجاً کمیٹی اجلاس سے بائیکاٹ کر دیا

بتایا جائے کہ براڈشیٹ کی خدمات کب حاصل کی گئیں، معاہدہ منسوخ کب ہوا اور کتنی ادائیگی کی گئی، مراد تھویری کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے براڈشیٹ معاملے پر اے جی کو انکوائری کرکے رپورٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ حضرات کو مراد تھویری زیر صدارت پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں آڈیٹر جنرل میں میڈیہ کرپشن پر کاوینہ اجلاس کی بازگشت سنائی دی۔ کمیٹی اراکین نے کہا کہ وفاقی کابینہ اجلاس میں پی اے سی اور آڈیٹر جنرل پر میڈیہ کرپشن کا الزام لگایا گیا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ وفاقی کابینہ میں کہا گیا اے جی کے عمل کرپشن کے بغیر عمل نہیں ہوتے۔ عامر ڈوگر نے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کمزور طبقے، پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے وزیر اعظم کی ترجیح ہیں، اسد عمر

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کے ساتھ ملکر بنائی ٹیم جلد گلگت بلتستان کیلئے تاریخی ترقیاتی پیکیج مرتب کرے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ کمزور طبقے، پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے وزیر اعظم کی ترجیح ہیں۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان سے ملکر وفاق اور گلگت بلتستان کی مشترکہ ٹیم بنائی ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کرونا نے پوری دنیا کی معیشت کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے

شاہ محمود قریشی

کرونا عالمی وبا نے پوری دنیا کی معیشت کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے معاشی مضمرات سے نمٹنا انتہائی کٹھن ہے

پاکستان اور آذربائیجان کے مابین یکساں مذہبی، ثقافتی اقدار کی بنیاد پر گہرے برادرانہ تعلقات استوار ہیں، وزیر خارجہ کی آذربائیجان کے وزیر خارجہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آذربائیجان نے کرونا عالمی وبائی تشخیص کے مضمرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششیں بروئے کار لانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کرونا عالمی وبا نے پوری دنیا کی معیشت کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے معاشی مضمرات سے نمٹنا انتہائی کٹھن ہے۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین وزارت خارجہ میں وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے، پاکستانی وفد کی قیادت وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی جبکہ آذری وفد کی قیادت آذربائیجان کے وزیر خارجہ جیہون بیراموف نے کی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ میں آپ کو اور آپ کے وفد کو وزارت خارجہ آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین یکساں مذہبی، ثقافتی اقدار کی بنیاد پر گہرے برادرانہ تعلقات استوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوش آئند بات یہ ہے کہ علاقائی اور عالمی فورمز پر پاکستان اور آذربائیجان کے مابین خاصی مماثلت پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں آرمینیا کے ناجائز قبضہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

براڈشیٹ کو نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا، شاہد خاقان عباسی

دوسروں کو کٹہروں میں کھڑا کرنے والا نیب خود کٹہرے میں کھڑا ہے، یہ بدقسمتی ہے کہ اس ادارے کو شرم نہیں آتی، سابق وزیر اعظم

میرے خلاف کیس کی حقیقت سندھ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں بیان کر دی ہے، یہ سیاستدانوں کی ذہنیت ہے، میڈیا سے بات چیت

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ براڈشیٹ کو نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا، دوسروں کو کٹہروں میں کھڑا کرنے والا نیب خود کٹہرے میں کھڑا ہے، یہ بدقسمتی ہے کہ اس ادارے کو شرم نہیں آتی، نیب سے پوچھنے والے بھی خاموش بیٹھے ہیں۔ حضرات کو احتساب عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم

کوئٹہ میں دیوار گرنے سے مزدور جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دیوار گرنے سے مزدور جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے چاکو باوڑی میں دیوار گرنے سے فضل نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

پاکستان آذربائیجان کیساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے' عارف علوی

دونوں ممالک کے مابین تجارتی حجم بڑھانے اور ثقافتی و تجارتی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے

پاکستان آذربائیجان تعلقات مشترکہ عقیدے، تاریخی اور ثقافتی روابط پر مبنی ہیں، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے آذربائیجان کے وزیر خارجہ جیہون بیراموف نے ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان آذربائیجان کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان آذربائیجان تعلقات مشترکہ عقیدے، تاریخی اور ثقافتی روابط پر مبنی ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے ناگورنو کاراباخ کی آزادی پر حکومت اور آذربائیجان کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔ پاکستان آذربائیجان کی علاقائی سالمیت کی حمایت کرتا ہے، دونوں ممالک کے مابین تجارتی حجم بڑھانے اور ثقافتی و تجارتی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، امید ہے کہ اسلام آباد میں پاک۔ آذربائیجان۔ ترکی سہ فریقی مذاکرات سے سہ رخی تعلقات اور برادر ممالک کے مابین تعاون کو فروغ حاصل ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے کشمیر پر او آئی سی رابطہ گروپ کے ممبر کی حیثیت سے آذربائیجان کے کردار کو سراہا۔ جیہون

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو اپوزیشن کے 19 ارکان کے دستخطوں سے جمع کروائی گئی ریکوزیشن پر خصوصی اجلاس آج ہوگا اجلاس میں صوبے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، اپوزیشن کے خلاف نیب کی انتقامی کارروائی، بیشمار مہنگائی اور بے روزگاری بجلی اور گیس کی گھمبیر صورتحال پر بحث کی جائیگی۔

گزشتہ سال ایک لاکھ 30 ہزار 112 شکایات کا ازالہ کیا، طاہر شہباز

پچھلے سال کورونا کے باوجود ایک لاکھ 33 ہزار 521 شکایات موصول ہوئی ہم نے پچھلے سال ایک لاکھ 30 ہزار 112 شکایات کا ازالہ کیا

ڈاک کے ذریعے ویب سائٹ، ای میل فون اور کسی بھی علاقائی دفاتر جا کر شکایات کا اندراج کروائی جاسکتی ہیں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی محتسب طاہر شہباز نے کہا ہے کہ گزشتہ سال ایک لاکھ 30 ہزار 112 شکایات کا ازالہ کیا، ڈاک کے ذریعے ویب سائٹ، ای میل فون اور کسی بھی علاقائی دفاتر جا کر شکایات کا اندراج کروائی جاسکتی ہیں۔ وفاقی محتسب طاہر شہباز نے سالانہ کارکردگی پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب عام شہریوں کی شکایات کا ازالہ کرتا ہے، ہم 60 دن کے اندر شکایات دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ڈاک کے ذریعے ویب

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے ایڈووکیٹ ندیم طاہر ملاقات کر رہے ہیں

قرآن سے رہنمائی، اتحاد اور وحدت کے فروغ پر عوامی بیداری کیلئے ملکر کام کریں گے، پیر نور الحق قادری

صیہونی حکومت کو تسلیم کرنے اور اسلاموفوبیا کیخلاف وزیر اعظم پاکستان کے پختہ موقف کی حمایت کرتے ہیں، ایرانی سفیر سید محمد علی حسینی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ایران کے سفیر سید محمد علی حسینی نے گذشتہ روز وفاقی وزیر برائے مذہبی امور پیر نور الحق قادری سے ملاقات کی جس میں دونوں فریقین نے ایران پاکستان دوطرفہ تعلقات، مذہبی و ثقافتی شعبوں میں تعاون اور دشمنوں قوتوں کے خلاف اسلامی ممالک کے اتحاد و اتفاق کو مضبوط بنانے جیسے وسیع تر موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے مابین مذہبی سیاحت کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ معزز مہمان نے کہا کہ پاکستان اور ایران دونوں یہ سمجھتے ہیں کہ عالمی متنازعہ فرقہ لیڈی آف جیون مسلم امہ کے اتحاد کے خلاف ایک سازش ہے۔ اس

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سنتھیا اور رحمن ملک نے صلح کر لی

ہائی کورٹ نے ایک دوسرے کیخلاف درخواستیں واپس لینے کی درخواستیں منظور کر لیں

اسلام آباد (این این آئی) امریکی خاتون سنتھیا رچی اور سینیٹر رحمان ملک نے صلح کر لی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے دونوں فریقین کی ایک دوسرے کیخلاف درخواستیں واپس لینے کی متفرق درخواستیں منظور کر لیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس عامر فاروق نے امریکی خاتون سنتھیا رچی کی سابق وزیر داخلہ رحمان ملک کیخلاف درخواستیں واپس لینے کی متفرق درخواستوں پر سماعت کی۔ امریکی خاتون سنتھیا ڈی رچی نے رحمان ملک کے خلاف ایف آئی آر درج

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

یرغمال بحری جہاز کے بدلے ایران کا جنوبی کوریا سے منجمد رقوم واگزار کرنے کا مطالبہ

تہران (این این آئی) ایران نے چند روز قبل یرغمال بنائے گئے جنوبی کوریا کے ایک بحری جہاز کے بدلے میں سیول حکومت کو بلیک میل کرنا شروع کیا ہے۔ ایک جنوبی کوریائی عہدیدار نے بتایا ہے کہ ایران نے گذشتہ ہفتے یرغمال بنائے ایک بحری جہاز کو چھوڑنے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ایک ماہ میں پنشن اور بقایاجات ادا کرنے کے احکامات جاری کر دیئے

ریلوے ملازم کا ریٹائرمنٹ کے بعد ایک سال تک واپڈا کے لئے دفتر کے چکر، وفاقی محتسب کا زبردست فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اطلاعیہ کے مطابق کوئٹہ کے رہائشی توقیر احمد خان نے مورخہ 17-07-2020 کو وفاقی محتسب کو درخواست دی کہ وہ پاکستان ریلوے کوئٹہ ڈویژن میں بطور وارڈ کیپر اپنے خدمات سرانجام دے رہا ہے اور 20-12-2019 کو اپنی ملازمت سے ریٹائر ہوا ایک سال گزر جانے کے باوجود جائز حق پنشن گریجویٹی وغیرہ سے محروم ہے اس نے بتایا کہ ریلوے حکام کی جانب سے کوئی رقم Benefit نہیں ملا نہ ہی گریجویٹی ملی اور ایک ماہ کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

یتیم بچوں کو ہماری بھرپور توجہ و محبت کی اشد ضرورت ہے

آواز بلوچستان

بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں اور اس ضمن میں ایس او ایس ویلیج کے بے سہارا بچوں کی فلاح و بہبود اور معاشرہ انہیں باعزت مقام دلانے کیلئے نہایت اہم کردار ادا کر رہا ہے

ضروری ہے کہ مخیر حضرات ماں کی ممتا اور باپ کے سائے محروم بچوں کے سروں پر سائبان بننے کے کار خیر میں بڑھ چڑھ کر بھرپور حصہ لیں تاکہ یہ بچے بھی معاشرے کے کامیاب اور مفید شہری بن سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حضرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایس او ایس بے سہارا بچوں میں گفٹ تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق سینیٹر روشن خورشید بروچہ اور ڈائریکٹر ایس او ایس ویلیج اور گلزیب بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں اور اس ضمن میں ایس او ایس ویلیج کے بے سہارا بچوں کی فلاح و بہبود

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کوئٹہ (ایچ ایف) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ معاشرے میں والدین کی شفقت سے محروم پھول جیسے بچوں کو ہماری بھرپور توجہ و محبت کی اشد ضرورت ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ مخیر حضرات ماں کی ممتا اور باپ کے سائے محروم بچوں کے سروں پر سائبان بننے کے کار خیر میں بڑھ چڑھ کر بھرپور حصہ لیں تاکہ یہ بچے بھی معاشرے کے کامیاب اور مفید شہری بن سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حضرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ایس او ایس بے سہارا بچوں میں گفٹ تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق سینیٹر

16 جنوری سے پیٹرول کی قیمت میں بھاری اضافے کی سفارش

16 جنوری سے پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی ہو سکتی ہیں جس کی سفارشات اوگرا نے پیٹرولیم ڈویژن کو بھیج دیں

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی سفارش کر دی۔ ذرائع کے مطابق 16 جنوری سے پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی ہو سکتی ہیں جس کی سفارشات اوگرا نے پیٹرولیم ڈویژن کو بھیج دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اوگرا کی سفارشات کے تحت پیٹرول 11 روپے 95 پیسے اور ڈیزل بھی 9 روپے 57 پیسے فی لیٹر تک مہنگا ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین 30 روپے فی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر آبپاشی فواد اور طارق مگسی سے صوبائی وزیر موصلات شہزادہ محمد عارف محمد حسنی اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

PDM میں شامل جماعتوں کا اتحاد کھوکھلا ہو چکا ہے' نور محمد دمڑ

ترقیاتی اسکیمات پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا

حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں ہماری اولین ترجیح ہے' صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی، زیارت، سنجاوی کے عوام کی تقدیر بدلنے کے لئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لا کر عوام کی بہتری کے لئے ترقیاتی اسکیمات پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

محکمہ ریلوے میں اوور ٹائم کیلئے افسران کو رشوت دی جاتی ہے' اعظم سواتی

ریلوے کی اراضی نہیں بیچیں گے، قبضہ مافیا ریلوے افسران اور پولیس کے ذریعے قبضہ کرتے آرہے ہیں

ریلوے ملازمین 70 کروڑ اوور ٹائم لے رہے ہیں، اب اوور ٹائم نہیں لینے دینگے، وفاقی وزیر

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ محکمہ ریلوے میں اوور ٹائم کیلئے افسران کو رشوت دی جاتی ہے، ریلوے ملازمین 70 کروڑ اوور ٹائم لے رہے ہیں لیکن اب ان کو اوور ٹائم نہیں لینے دیں گے۔ وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے پشاور کے کینٹ ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا جہاں انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 50 سال سے ہمارے میں چلنے والے ریلوے کو قابل منافع بنائیں گے۔ اعظم سواتی نے کہا کہ ریلوے کی اراضی نہیں بیچیں گے، قبضہ مافیا ریلوے افسران اور پولیس کے ذریعے قبضہ کرتے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ریلوے میں قبضہ مافیا کو نہیں چھوڑیں گے، ملازمین کو کچی جھونپڑیوں سے نکال کر پکی رائز بلڈنگز میں منتقل کریں گے۔ اعظم سواتی نے کہا کہ 6 ماہ میں ریلوے خسارہ ختم

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

واپڈا میں مکمنہ بھکاری کیخلاف جیکب آباد میں بھی واپڈا ہائیڈرو لیبر یونین سراپا احتجاج

جیکب آباد (این این آئی) واپڈا میں مکمنہ بھکاری کیخلاف جیکب آباد میں بھی واپڈا ہائیڈرو لیبر یونین سراپا احتجاج، ریلی کی صورت میں شہر کا گشت کرتے ہوئے پریس کلب کے باہر حکومت خلاف نعرے بازی تفصیلات کے مطابق واپڈا ہائیڈرو لیبر یونین کی مرکزی

ب

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

15 جنوری 2021ء

کورونا سے ایک دن میں 46 افراد جاں بحق

ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 46 افراد جاں بحق ہوگئے، فعال کیسز کی تعداد 33 ہزار سے تجاوز کرگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 574 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 72 لاکھ ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 5 لاکھ 11 ہزار 921 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 30 ہزار 718، پنجاب میں ایک لاکھ ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 33 ہزار 869 ہوگئی ہے۔ اور 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 46 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 818 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں 2 ہزار 284 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 67 ہزار 234 ہوگئی ہے۔

بھٹو کا نظریہ اور بلاول

الیاس محمد حسین

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا ہے ذوالفقار بھٹو نے جان دیدی لیکن نظریے سے یوٹرن نہیں لیا، کچھ لوگ آج بھی بھٹو شہید آج کے نظریے اور فکر سے ڈرتے ہیں، قومی اسمبلی میں ذوالفقار بھٹو کا نام لیا جاتا ہے تو وزیر جل جاتے ہیں، ان کی وزیروں کی چیخیں نکلتی ہیں۔ ہم دنیا کو پیغام دیں گے کہ کل بھی بھٹو زندہ تھا آج بھی بھٹو زندہ ہے، شہید ذوالفقار بھٹو نے آمر کے سامنے سر نہیں جھکایا، 40 سال پہلے غیر جمہوری قوتوں نے بھٹو تختہ دار پر لٹکا دیا، ذوالفقار بھٹو نے جان دیدی لیکن نظریے کا یوٹرن نہیں لیا۔ وہ قائد عوام تھا، وطن کا افتخار تھا، اور کہا کچھ لوگ آج بھی بھٹو شہید آج کے نظریے اور فکر سے ڈرتے ہیں، قومی اسمبلی میں ذوالفقار بھٹو کا نام لیا جاتا ہے تو وزیر جل جاتے ہیں، ان کے وزیروں کی چیخیں نکلتی ہیں۔ جب لوگ مجھے کو بھٹو کے نام سے پکارتے ہیں تو ان کی نیندیں حرام ہوجاتی ہیں، یہ ان سے برداشت نہیں ہو رہا تھا تاریخ میں بدترین دھاندلی کی گئی۔ میڈیا کی بدترین سنسر شپ کی گئی، کے پی کے میں ہمارے جہاز کو اڑنے نہیں دیا گیا، پشاور میں ہمیں گھر سے باہر جانے نہیں دیا گیا، مالاکنڈ میں نامعلوم افراد نے دھاندلی کی ہے، فارم 45 آج بھی نہیں، لیاری میں آج بھی ہمارا فارم 45 لاپتہ ہے لاڑکانہ میں بھی نہیں لیا، کچھ لوگ آج بھی بھٹو شہید آج کے نظریے اور فکر سے ڈرتے ہیں، قومی اسمبلی میں ذوالفقار بھٹو کا نام لیا جاتا ہے تو کوئی وزیر جل جاتے ہیں، ان کی چیخیں نکلتی ہیں۔ ہم دنیا کو پیغام دیں گے کہ کل بھی بھٹو زندہ تھا آج بھی بھٹو زندہ ہے، شہید ذوالفقار بھٹو نے آمر کے سامنے سر نہیں جھکایا، 40 سال پہلے غیر جمہوری قوتوں نے بھٹو تختہ دار پر لٹکا دیا، ذوالفقار بھٹو نے جان دیدی لیکن نظریے کا یوٹرن نہیں لیا۔ وہ قائد عوام تھا، وطن کا افتخار تھا، اور کہا کچھ لوگ آج بھی بھٹو شہید آج کے نظریے اور فکر سے ڈرتے ہیں، قومی اسمبلی میں ذوالفقار بھٹو کا نام لیا جاتا ہے تو وزیر جل جاتے ہیں، ان کے وزیروں کی چیخیں نکلتی ہیں۔ جب لوگ مجھے کو بھٹو کے نام سے پکارتے ہیں تو ان کی نیندیں حرام ہوجاتی ہیں، یہ ان سے برداشت نہیں ہو رہا تھا تاریخ میں بدترین دھاندلی کی گئی۔ میڈیا کی بدترین سنسر شپ کی گئی، کے پی کے میں ہمارے جہاز کو اڑنے نہیں دیا گیا، پشاور میں ہمیں گھر سے باہر جانے نہیں دیا گیا، مالاکنڈ میں نامعلوم افراد نے دھاندلی کی ہے، فارم 45 آج بھی نہیں، لیاری میں آج بھی ہمارا فارم 45 لاپتہ ہے لاڑکانہ میں بھی

کوشش کی گئی لیکن ان کی کوشش ناکام ہوئی اور آخرکار 20 سال بعد بھٹو اسمبلی میں پہنچ گیا، یہ لوگ اپوزیشن کو برداشت نہیں کرتے ان کیلئے مسئلہ ہوگیا، یہ لوگ پرویز مشرف کی پیداوار ہیں، جو الیکشن اور دھاندلی سے حاصل نہ کرسکے ڈیب کے ذریعے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی ان سرگرمیوں پر وفاقی وزیر فواد چوہدری بھی خوب گرج برس رہے ہیں جبکہ وزیر ریلوے شیخ رشید نے عجب تبصرہ کیا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری چند سولوگوں کو ٹرین پر سوار کرکے وہ خود کو ہیرو سمجھ رہے ہیں۔

کرپشن ان کی سیاست کی چتا کو آگ لگا دیگی مجھے نہیں اس بار کس کس کی عید جیل میں ہوگی، یہ سب اللہ کی پکڑ میں آئے ہیں دونوں خاندانوں کی سیاست ختم ہوچکی ہے یہ اللہ کی پکڑ میں آگئے ہیں۔ جبکہ بلاول بھٹو زرداری نے ایک واویلا مچا رکھا ہے غیر جمہوری طاقتوں نے عمران خان کے ساتھ مل کر حکومت بنائی ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی۔ عمران خان کمزور اور عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ خارجہ پالیسی کو غیر پیشہ ورانہ انداز سے چلانا انتہائی افسوسناک ہے بیرون ملک سیاسی مخالفین کے خلاف بیانات دیتے ہیں۔

عمران خان نے چوری کے ووٹوں اور غیر جمہوری طاقتوں سے مل کر حکومت بنائی جبکہ پیپلز پارٹی نے ضیاء الحق اور دیگر کا مقابلہ کیا اب اس کٹھ پتلی کا بھی مقابلہ کریں گے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ عمران خان سیاسی مخالفین کو دباؤ میں لانا چاہتے ہیں تاکہ ان کی مخالفت نہ کی جاسکے، حکومت نے کرپشن کے خاتمے کیلئے کچھ نہیں کیا، جو کچھ ہو رہا ہے وہ انتقامی سیاست ہے، اگر کرپشن کو ختم کرنا ہے تو بلا امتیاز احتساب کیا جائے یہ سب باتیں اپنی جگہ پر ان میں یقیناً کچھ باتیں دل کو لگتی ہیں لیکن حالات بتاتے ہیں پیپلز پارٹی نیب پر اثر انداز ہونے میں قطعی طور پر ناکام ہوگئی ہے اور بلاول بھٹو زرداری کے ٹرین مارچ نے بھی کام نہ دکھایا اور آصف علی زرداری کے ساتھ فریال تالپور، انور مجید، حسین لوائی اور کمال مجید و تمام ملزمان منی لانڈرنگ کیس میں نامزد ہیں۔۔ بلاول بھٹو زرداری بار بار بھٹو کے نظریہ کی بات کرتے ہیں ان کی معلومات کیلئے گوش گذار ہے کہ بھٹو کے بدترین مخالف بھی آج تک ان کے نام پر کرپشن کا ایک الزام تک لانے کی جرأت نہیں کرسکے اس ضمن میں ان کا ماضی اور دامن بے داغ ہیں جبکہ آپ کے ابا حضور کی عجب کرپشن کی غضب کہانیاں کئی دہائیوں پر زبان زد عام ہیں اور جو لوگ ان کہانیوں کو منظر عام پر لا کر ہوا دیتے رہے ان کے ساتھ پہلے مفاہمت اور اب نجمیوں نے عوام کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کردیا ہے جناب یہ بتائیں ذوالفقار علی بھٹو کے نظریے کی تو سمجھ آتی ہے سرکار بتائیں آپ اور آپ کے ابا حضور کا کیا نظریہ ہے؟ یہ جان کر یقیناً بہتوں کا بھلا ہوگا۔

ڈونلڈ ٹرمپ اور نواز شریف میں مماثلت

میر افسر امان

جدید جمہوریتوں میں عوام، مملکت، پارلیمنٹ، عدلیہ اور صحافت لازمی جز قرار دیے گئے ہیں۔ بادشاہت وں کے خاتمے سے عوام کو رائج کرنے کا موقعہ ملا۔ عوام نے خطہ زمین، زبان، ثقافت، تمدن اور تہذیبی مشترکات پر مملکتیں بنائیں۔ عوام کی آزادانہ رائے سے حکومت یعنی پارلیمنٹ منتخب کرنا، منتخب پارلیمنٹ حکومت کا قانون سازی کرنا، عدلیہ کا ملکی آئین کے مطابق حکومتوں کو چلنے میں مدد کرنا یعنی آئین کی تشریح کرنا، صحافت حکومتوں کے عوام مخالف کاموں سے عوام کو آگاہ کرنا تاکہ عوام ناپسندیدہ حکومت کو ختم کر کے دوسری اپنی مرضی کی حکومت منتخب کرلیں۔ مگر ان سارے معاملات کو ایک طرف رکھ کر ڈونلڈ ٹرمپ صاحب اور نواز شریف صاحب نے اقتدار سے چمٹے رہنے کے شارٹ اختیار کیے۔

امریکا میں ان ہی اصولوں پر عوام نے ڈونلڈ ٹرمپ کو امریکی صدر نے منتخب کیا۔ گو کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے قومیت رنگ، تارکین وطن، پڑوس لوگوں کی امریکا آمد، امریکی عوام کی خوشحال اور امریکا کو دنیا میں کھویا ہوا مقام دلانے کے خوش نما منشور پر انتخاب جیتا تھا۔ ٹرمپ نے سفید فام امریکی آبادی کو کالوں کے مخالف کیا۔ جس سے امریکا میں یکجہتی کو نقصان پہنچا۔ تارکین وطن خاص کر مسلمانوں کے ساتھ ظالمانہ رویہ اختیار کیا۔ اس وجہ سے تارکین وطن ٹرمپ کے مخالف ہوگئے۔ میکسکو سے لوگ روزی روٹی کے لیے لوگ امریکا آتے تھے۔ اس سے سستی لیبر بھی ملتی تھی۔

میکسکو اور امریکا کی سرحد پر دیوار کھڑی کرنے کی پالیسی سے انڈسٹریل حلقے بھی ٹرمپ کے خلاف ہو گئے۔ امریکا کے عوام کو خوشحالی تب ملتی جب انڈسٹری چلتی، پیداوار ہوتی اور معیشت کے فارمولے کے مطابق ملٹی پلائیر کام کرتا۔ بیرونی دنیا میں کھویا ہوا مقام کیا دلاتا الٹا ابھرتی ہوئی چینی معیشت سے زور آزمائی کر کے اپنا نقصان کیا۔ امریکا میں سارے معاملات چلانے والی مشینری سے مخالفت اپنے سر لے لی۔ ذرا ذرا سی بات پر اسٹیبلشمنٹ سے لوگوں کو فارغ کرنا شروع کیا۔ معلوم ہوا کہ محب وطن امریکی لیڈر شپ نے ٹرمپ کو مسخرہ کہنا شروع کردیا۔ یہاں تک سنا گیا کی اس سے ایٹمی ہتھیاروں کے بٹن چلانے والے اختیاروں کو بھی واپس لے لیا گیا۔ کہ کہیں مسخرہ پن میں دنیا کو تباہی کے دھانے پر نہ پہنچا دے۔

ان حالت میں کیا دنیا کی سپر پاور امریکا کے عوام کو ٹرمپ سے نجات حاصل نہیں کرنی چاہیے تھی؟۔ جی! یقیناً نجات حاصل کرنی چاہیے تھی۔ امریکا عوام نے ٹرمپ کو الیکشن میں شکست دے کر اپنا جمہوری حق استعمال کر کے حاصل کرلی۔ بلکہ امریکا عوام نے بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکا کو مذید خراب ہونے سے بچالیا۔ امریکا کی یہ خوشگوار ریت رہی ہے کہ الیکشن میں ہارنے والے سیاستدان جیتنے والے کو خوش آمدید کہہ کر پرامن طریقے سے اقتدار حوالے کر دیتے رہے ہیں۔ ٹرمپ نے یہاں بھی مسخرے پن کا ثبوت پیش کیا۔ بجائے پرامن اقتدار منتقل کرنے کے تشدد کا راستہ اختیار کیا۔ امریکی آئین اس کی اجازت نہیں دیتا۔

ٹرمپ بحر حال ایک بڑی پارٹی کا لیڈر اور امریکا کا صدر رہ چکا ہے۔ سیاسی پارٹیوں میں لاکھوں جذباتی کارکن ہوتے ہیں۔ اپنے لیڈروں کو پسند بھی کرتے ہیں۔ جیسے ٹرمپ جیسے مسخرے کو پسند کرتے تھے۔ ان سارے جذباتی کارکنوں کو جو اسلحہ سے لیس تھے، پورے امریکا سے ٹرکوں، بسوں اور کاروں میں بھر کر کیپیٹل ہلز واشنگٹن ڈی سی، جہاں اقتدار آئینی طور پر جیتنے والے جو بیڈن کو منتقل ہونا ہے بلا لیا۔ یہ بپھرے کارکن عمارت کے دروازے کھڑکیاں توڑ کر اور رکاوٹیں ہٹا کر اندر داخل ہوگئے۔ توڑ پھوڑ اور حملے کیے۔ امریکا تیسری دنیا خاص کر مسلمان ملکوں میں قومیت، لسانیت اور انسانی حقوق کی آڑ میں ہنگامے کراتا رہا تھا۔ اپنی زر خرید این جی اوز کے ذریعے لا اینڈ آرڈر کے مسائل کھڑے کرتا رہا۔ اب یہ مکافات عمل ہے جس سے امریکا گزر رہا ہے۔ ابھی آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا؟ بحر حال سیکورٹی والوں نے ان بلوائیوں کو روکا۔ چار قیمتی جانیں ضائع ہوئیں، کئی لوگ زخمی ہوئے۔

ٹرمپ کی بدمعاشی کے باوجود بھی جو بیڈن کو ووٹ مل گئے۔ میئر نے اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے کرفیو لگا دیا۔ یہ کرفیو اکمل قندار منتقل ہونے تک جاری رہے گا۔ پھر زود پشیمان ہونے والا ٹرمپ پشیمان ہوا۔ تقریر کر کے ہجوم کو پرامن رہنے کی تلقین کرتے نظر آیا۔ مگر ایک جمہوری ملک امریکا میں ٹرمپ نے غیر جمہوری طرز عمل اختیار کر کے تاریخ میں سیاہ دن کا اضافہ کیا جو برسوں یاد رہے گا۔

یہ غیر جمہوری طریقہ پاکستان میں تین دفعہ وزیر اعظم بننے والے نواز شریف نے بھی اختیار کیا۔ جب آف شور کمپنیوں کے کیس میں صادق وامین نہ ہونے پر ملک کے آئین کی شق ۶۲۔۶۳ کے تحت اعلیٰ عدالت سپریم کورٹ نے کے لارجر بنچ نے سیاست سے تاحیات نااہل قرار دیا۔ نواز شریف نے ملک کو سر پر اٹھالیا۔ پاکستان کے شہروں میں عدلیہ اور ملک کی خفا تحت کرنے والی فوج کے عوام کو اُکسایا۔ ۲۰۱۸ء کے الیکشن میں عمران خان کو پاکستانی عوام نے اس کے منشور کہ نمبر ۱:۔ پاکستان کا خواب دیکھنے والے علامہ شیخ محمد اقبال کے خواب میں رنگ بھرنے نمبر ۲:۔ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے اسلامی اور دو قومی وژن پر پاکستان میں مدینہ کی اسلامی فلاحی ریاست بنانے نمبر ۳:۔ پاکستان سے کرپشن کے ناسور کو ختم کرنا۔ پاکستان کے عوام نے ۲۰۱۸ء کے الیکشن میں ڈیڑھ کروڑ ووٹوں سے منتخب کیا۔ نواز شریف نے پاک فوج کے چیف، آئی ایس آئی کے چیف اور سی پیک کے چیف کے نام لے کر فوج کو بدنام کیا۔ پھر مولانا فضل الرحمان، پیپلز پارٹی اور فوج مخالف قوم پرستوں کو ملا کر پی ڈی ایم (پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) بنا کر پورے ملک میں پرتشدد جلسے اور تقاریر کر کے بھارت کے پاک فوج مخالف بیانیہ میں رنگ بھرنے کی بھونڈی کوششیں کیں۔ ان کو دہشت گرد الطاف حسین کے انجام کا شاید انجام بھول گیا ہے۔ کیا فوج پر دباؤ ڈال کر ایک منتخب حکومت کو ختم کرنا جمہوری اور آئینی عمل ہے؟ نواز شریف کہتے ہیں کہ عمران کو فوج لائی۔ اگر یہ مفروضہ مان بھی لیا جائے، تو کیا نواز شریف کو جنرل جیلانی اور ضیاء لحق نہیں لایا۔ بھٹو کو ایوب خان نہیں لایا۔ بھٹو ایوب خان کو ڈیڈی کہا کرتا تھا۔ فضل الرحمان نے جنرل مشرف سے ساز باز کر کے ایم ایم اے (متحدہ مجلس عمل) کے ساتھ دھوکا بازی کر کے اُس وقت کی صوبہ سرحد کی اسمبلی توڑ کر مشرف کا ساتھ نہیں دیا۔ پھر تو حمام میں سب ننگے ہیں والی بات ہے۔

صاحبو! چاہے امریکا کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ صاحب ہوں یا پاکستان کے تین دفعہ وزیر اعظم بننے والے محمد نواز شریف صاحب ہوں، جو کوئی بھی دنیا میں مروجہ جمہوری اور آئینی طریقوں کو چھوڑ کر اقتدار سے چمٹے رہنے کے لیے شارٹ کٹ اختیار کرے گا، ایسے ہی انجام سے دوچار ہوگا۔ کیونکہ کہ مکافات عمل اپنا کام جاری رکھتا ہے۔ دنیا نے سپر پاور امریکا کے ڈونلڈ ٹرمپ اور تیسری دنیا کے ایک غریب ملک پاکستان کے نواز شریف میں مماثلت دیکھی۔ یہ بھی مکافات عمل ہے۔

جزائے متعلق صدارتی آرڈیننس کی بجائے حکومتی اپوزیشن ارکان ایک دوسرے کے خلاف تقاریر کرتے رہے

نواز رضا

منگل کو سینٹ میں بجلی کے ملک گیر بریک ڈاؤن کی بازگشت سنی گئی۔ اپوزیشن نے حکومت آڑے ہاتھوں لیا۔ اس معاملہ کی پارلیمانی تحقیقات اور وزیر توانائی کے استعفے کا مطالبہ کردیا۔ سینٹ میں مہنگائی بھی موضوع گفتگو بنی رہی۔ اپوزیشن نے کہا کہ مہنگائی کا جن بے قابو ہوکر بوتل سے باہر نکل آیا ہے حکومت مہنگائی پر قابو پانے میں ناکام ہوگئی ہے۔ اسی طرح ایوان بالا میں براڈشیٹ کمپنی کے کیس میں 7 ارب روپے کی ادائیگی کا معاملہ اٹھایا گیا۔ سینٹ کا اجلاس مجموعی طور سوا تین گھنٹے جاری رہا۔ جب اجلاس شروع ہوا 24 ارکان موجود تھے لیکن جب اجلاس ختم ہوا تو یہ تعداد 11 رہ گئی صدارتی آرڈیننس پر 15 حکومتی اور اپوزیشن ارکان نے تحریک پر اظہار خیال کیا بیشتر ارکان نے تحریک کی بجائے مہنگائی، بجلی کے بریک ڈاؤن، پی ڈی ایم کی سرگرمیوں اور دیگر موضوعات پر خطاب کیا۔ حکومت سینیٹ وزیر اعظم عمران خان کی تعریف وتوصیف میں مصروف رہے جب کہ اپوزیشن حکومت کو رگیدتی رہی۔ میاں رضا ربانی، شیری رحمان، سینیٹر پرویز رشید اور دیگر نے حکومت پر شدید تنقید کی بلوچستان عوامی پارٹی کی سینیٹر نصرت شاہین جو چند روز قبل ہی سینیٹر منتخب ہوئی ہیں اپنے پہلے خطاب میں ہی مہنگائی اور بحران کو پچھلی حکومت کا دیا ہوا تحفہ قرار دے دیا۔ سینیٹر مولانا فیض محمد نے کہا کہ ملک کے اندر قانون تو ہے لیکن اس پر عمل نہیں ہے۔ سینیٹر فیصل جاوید نے اپوزیشن نے معیشت کا ستیاناس کردیا اور اب ہمیں لیکچر دے رہی ہے۔

شکریہ نوائے وقت

میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ کی بدحالی

میر شیر خان لہڑی نے کہا کہ ظلم وزیادتی کی انتہا یہ ہے کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور گاہی خان محلہ میں نکاسی آب کا کوئی انتظام نہیں گھروں کا پانی گلیوں میں آجاتا ہے

رپورٹ: نور احمد راہی

میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ کی آبادی کوئٹہ کی قدیم ترین آبادیوں میں سے ایک ہے اور یہ گلی معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر گاہی خان لہڑی کے نام سے منسوب ہے ملک میں عام انتخابات ہوں یا بلدیاتی نمائندوں کا چناؤ میر گاہی خان لہڑی کی رہائش گاہ پر امیدواروں کا تانتا بندھا رہتا ہے اور ووٹ کے لیے ہزار قسم کے وعدے اور دعوے بھی کرتے ہیں لیکن انہی میں سے کامیاب ہونے والے امیدوار پھر یہ بھول جاتے ہیں کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ بھی میں انسان رہتے ہیں جنہیں زندہ رہنے کے لیے بنیادی ضروریات فراہم کرنا ضروری ہے اس علاقے کے عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر ہمیشہ آواز بلند کی ہے و ہم نے وادیری کی نیت سے اور علاقے کے عوام کی آواز ارباب اختیار تک پہنچانے کے لیے علاقے کا سروے کیا جس کے دوران علاقے کی عوام کا جم غفیر ہمارے اردگرد جمع ہر ایک اپنی فریاد بلند سنانے لگا علاقے کے ایک سفید ریش بزرگ شہری حاجی محمد عثمان نے کہا کہ اس علاقے کی آبادی کو سو سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے مگر اس کے گلی لوگ آج تک پینے کی پانی کی بنیادی سہولت سے محروم ہے علاقے کی آبادی کی اکثریت غریبوں پر مشتمل ہے لیکن وہ پرائیوٹ پانی کے ٹینکر خریدنے پر مجبور ہے ۔اکثر گھرانے ایسے ہیں جن میں پرائیوٹ پانی کے ٹینکر خریدنے کی سکت بھی نہیں علاقے کے ایک رہائشی شاہ فیصل مینگل اور شازیب لہڑی نے سروے ٹیم کو بتایا کہ گلی کی صورتحال اب کے سامنے ہیں میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور محلہ میر گاہی خان لہڑی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے یوں لگتا ہے کہ جیسے پورے سریاب کا کچرہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور میر گاہی خان لہڑی محلہ میں لا کر ڈال دیا گیا ہے جگہ جگہ گندگی کے ڈھر لگے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے بچے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ میں نے سرکاری سطح پر کبھی اس گلی کی صفائی ہوتے ہوئے نہیں دیکھا

خصوصی سروے کے موقع پر ہم نے علاقے کے معتبرین معروف سیاسی وقبائلی شخصیت میر گاہی خان لہڑی اور انکے فرزند میر شیر خان لہڑی سے خصوصی ملاقات کی اور ان سے مسائل پر بات چیت کی اس موقع پر میر گاہی خان لہڑی نے کہا کہ یہ علاقہ مسائلستان بن چکا ہے یہاں کے غریب لوگوں کے سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ گیس سریاب کے عوام کے لئے ایک سہنا خواب بن چکا ہے جیسے ہی سردیوں کا موسم شروع ہوا سریاب کے علاقوں سے گیس مکمل طور پر غائب ہوگیا ہے لوگوں نے پرانے وقتوں کے اسٹوو جلانا شروع کردیے ہیں اکیسوی صدی ایٹمی پاکستان خوشحال بلوچستان کے دعوے اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں لوگ لکڑیاں اور کوئلہ جلانے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ ہر سال دعوا کیا جاتا ہے کہ گیس پریشر درست کیا جائے گا مگر عوام کو طفیل تسلیوں پر رکھا گیا ہے عملی طور پر کچھ نہیں کیا جارہا ہے کوئٹہ اس وقت شدید سردی کی لپیٹ میں ہیں اور گھروں میں گیس کے چولے ٹھنڈے پڑے ہوئے ہیں سریاب کے مختلف علاقوں میں گیس برائے نام بھی موجود نہیں سریاب کے عوام نے خاص طور پر خواتین نے بھی بڑی تعداد میں روڈوں پر نکل آئی اور بھرپور احتجاج کی مگر آج تک گیس پریشر تو کیا گیس کی بو بھی سونگھنے کے لیے نہیں ملی انہوں نے کہ ہم نے متعدد مرتبہ ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ کے لوگوں کو بھی جینے کا حق ہے ہمارے ساتھ وعدے قول اقرار کیے جاتے ہیں لیکن پھر فراموش کیے جاتے ہیں ہمیں مجبور کیا جارہا ہے کہ ہم عوام کی رہنمائی کریں اور انہیں سڑکوں پر لائیں اور اس وقت تک بیٹھے رہے جب تک گیس

دوبارہ گھروں میں داخل ہوجاتا ہے جس سے علاقے کے مکینوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے میر شیر خان لہڑی نے مزید کہا کہ یہ دونوں گلیاں تین سو سے پانچ سو گھرانوں پر مشتمل ہے مگر یہاں سرکاری ٹیوب ویل کا کوئی تصور ہی نہیں ہے یعنی یہاں کبھی ٹیوب ویل لگایا ہی نہیں گیا جس کی وجہ سے یہاں کے مکین پانی سے مکمل محروم ہیں انہوں نے کہا کہ ان کی کثیر آبادی والی دونوں گلیوں میں اگر کچرہ دان رکھے جائیں تو صفائی کی صورتحال کسی حد تک کنٹرول ہوسکتی ہے کچرہ دان نہ ہونے کی وجہ سے علاقے کے مکین مجبوراً اپنا کوڑا کرکٹ گلی میں پھینکتے ہیں جو جمع ہو کر اب کچرے کے بڑے ڈھیر میں تبدیل ہوچکے ہیں میر شیر خان لہڑی نے کہا کہ سب سے قابل افسوس امر یہ ہے کہ صوبائی اسمبلی کے نمائندے اسی علاقے کے دونوں سے کامیاب ہوتے ہیں یعنی ہمارے ووٹ کسی بھی امیدوار کو کامیابی کی ضمانت ہوتے ہیں مگر اقتدار کے ائرکنڈیشن کمروں تک پہنچنے کے بعد نمائندے ہمارے علاقے کو فراموش کردیتے ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہیں کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور میر گاہی خان محلہ کی بدحالی کو مدنظر رکھتے ہوئے خصوصی گرانٹ کا اعلان کریں۔

☆☆☆☆

میر شیر خان لہڑی نے کہا کہ ظلم وزیادتی کی انتہا یہ ہے کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور گاہی خان محلہ میں نکاسی آب کا کوئی انتظام نہیں گھروں کا پانی گلیوں میں آجاتا ہے یہاں پیدل چلنا محال ہے میر شیر خان لہڑی نے کہا کہ ایٹمی ملک کے شہری ہونے کے باوجود ہمیں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے ہمارے علاقے میں عوام کیلئے بجلی بھی ایک دردسر بن چکا ہے چوبیس گھنٹوں میں بمشکل پانچ سے چھ گھنٹے بجلی آتی ہے اور کبھی کبھار پورا دن پوری رات ہم بجلی سے محروم رہتے ہیں انہوں نے کہا کہ گلی میں کبھی غلطی سے بھی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب نہیں کی گئی رات کے گھپ اندھیرے میں یہ علاقہ شہر خاموشاں یعنی قبرستان کا منظر پیش کرتا ہے مختصر یہ کہ ہم مکمل طور پر لاوارث ہوچکے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں میر شیر خان لہڑی نے کہا کہ ظلم وزیادتی کی انتہا یہ ہے کہ میر گاہی خان لہڑی اسٹریٹ اور میر گاہی خان محلہ میں نکاسی آب کا کوئی انتظام نہیں گھروں کا پانی گلیوں میں آجاتا ہے جسے خارج کرنے کا کوئی انتظام نہیں اور پانی جمع ہو کر تالاب بن جاتا ہے اور

معاشرہ کی بہتری میں تعلیم کا کردار (آخری قسط)

ابوبکر دانش بلوچ

جن کا ذہن بنا ہوا ہے کہ اگر بغیر محنت کیے نقل کر کے پرچہ حل ہو جاتا ہے تو اتنا کچھ یاد کرنے کی کیا ضرورت۔۔۔! ماضی میں نقل پر ڈگری حاصل کرنے والے طلباء کی اکثریت ایسی ہوتی ہے جو اعلیٰ تعلیم کے لیے یونیورسٹیز میں نہیں جاسکتی ان کا معیار تعلیم اتنا اچھا نہیں ہوتا جو انہیں آگے بڑھنے میں معاون ثابت ہوسکے۔ پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ نوجوانو! تم مستقبل کے معمار ہو، لیکن حالیہ دور میں ان مستقبل کے معماروں کو نقل کی راہ پر گامزن کردیا گیا ہے۔ یہی نوجوان جنہوں نے پاکستان کی ترقی میں کام کرنا تھا، انہیں مستقبل کا چور بنایا جارہا ہے، کیا یہی نوجوان ملک کی تقدیر بدلنے میں کردار ادا کریں گے، جو تعلیم سے ناواقف ہوں جنہوں نے نام کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے نقل کرنا سکھائی جارہی ہو، اور جنہیں تعلیم کے نام پر رشوت دینا سکھائی جارہی ہو۔ اگر یہی حالت برقرار رہی تو اس ملک کا حال بد سے بدتر ہوتا چلا جائے گا۔ اساتذہ سے اپیل ہے کہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے طلباء کی غیر حاضری اور نقل کی روک تھام کے لیے اپنے فرائض احسن طور پر انجام دیں۔ حکومت وقت کو چاہیے کہ وہ دیگر معاملات کی طرح تعلیم کو اولین ترجیح دے۔ تعلیم کی بہتری کے لیے پالیسی مرتب کرے تاکہ ایک صحت مند تعلیم یافتہ معاشرے کی تشکیل کی جاسکے اور شعوری بیداری کو ممکن بنایا جاسکے۔ اور ہمارا ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہوجائے۔

فیس بک ٹوئٹر: طاقتور عالمی فیصلہ ساز

نصرت جاوید

جمہوری نظام اور مہذب روایات کے بارے میں فکر مند افراد کی بے پناہ اکثریت شاداں اور مطمئن ہے کہ فیس بک اور ٹویٹر نے امریکی صدر ٹرمپ کو اپنے پلیٹ فارموں پر Ban کردیا ہے۔ گزشتہ بدھ کے روز واشنگٹن میں جو ہنگامے ہوئے وہ مذکورہ فیصلے کا سبب ہیں۔ ٹھوس شہادتوں کی بنیاد پر واضح انداز میں عیاں ہو رہا ہے کہ نومبر 2020ء کے صدارتی انتخاب میں اپنی شکست کو ٹرمپ نے خوش دلی سے قبول نہیں کیا۔ دھاندلی کی دہائی مچانا شروع کردی۔ چند ریاستوں کو جہاں ری پبلکن جماعت برسر اقتدار ہے، مسلسل اُکساتا رہا کہ وہ جو بائیڈن کی حمایت میں ڈالے ووٹوں کو مشکوک ٹھہرا کر مسترد کریں۔ اس کی خواہش کی پذیرائی نہ ہوئی تو ٹرمپ نے فیس بک اور ٹویٹر کے ذریعے اپنی Base سے براہ راست رابطے شروع کردیے۔ کامل ڈھٹائی سے انہیں "مشورے" دیتا رہا کہ وہ 6 جنوری کے روز امریکی پارلیمان کا محاصرہ کریں۔ نومبر کا انتخاب ختم ہونے کے بعد امریکی پارلیمان نئے سال کی 6 جنوری کے روز الیکٹورل ووٹوں کی توثیق کرتی ہے۔ گزشتہ 200 برسوں سے یہ معمول کی رسمی کارروائی ہی تصور ہوتی رہی ہے۔ کوئی امریکی یہ امکان ذہن میں لا ہی نہیں سکتا کہ امریکی پارلیمان نومبر میں منظر عام پر آتے نتائج کی توثیق کرنے سے انکار کردے۔ ٹرمپ نے مگر یہ توقع باندھ لی کہ اس کے جنونی حامی واشنگٹن میں جمع ہوکر "تاریخ" بنادیں گے۔ 6 جنوری 2021 کے دن "تاریخ" ایک اعتبار سے بر صورت بنی مگر اس نے ٹرمپ اور اس کی جماعت کے سرکردہ حامیوں کو بھی شرمندہ کردیا۔ واشنگٹن کی پولیس مظاہرین کے روبرو قطعاً بے بس نظر آئی۔ مظاہرین دیواریں پھلانگ کر پارلیمان کی عمارت میں گھس گئے۔ اس کی "توقیر" خاک میں ملادی۔ نیشنل گارڈز امریکی اراکین پارلیمان کو مظاہرین سے "چھپان

شال بقیہ 1

تشکیل دیا گیا تھا جس کا کام اقلیتی برادری کیلئے حکومتی اقدامات کا جائزہ لینے اور اقلیتوں کے مسائل سے آگاہی حاصل کرکے رپورٹ مرتب کرنی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت صوبہ میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ حکومت نے اقلیتی امور کا علیحدہ محکمہ قائم کرکے اقلیتوں کی ترقی و خوشحالی کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اقلیتوں کا صوبہ کی تعمیر و ترقی میں ہمیشہ اہم کردار رہا ہے بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کی صورتحال مثالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں اور فلاح و بہبود کے منصوبوں کیلئے خطیر رقم مختص کی گئی ہے اور آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں بھی اقلیتی برادری کیلئے نئے ترقیاتی منصوبے شامل کئے جائیں گے۔ موجودہ حکومت اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے بلا تخصیص اقدامات اٹھا رہی ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں اقلیتوں کیلئے مختص 5 فیصد کوٹہ پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا ہے۔ چیئرمین ون مین کمیشن ڈاکٹر شعیب سڈل نے اقلیتوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے گئے بلوچستان حکومت کے اقدامات کو سراہا۔ ملاقات میں متروکہ وقف املاک بورڈ کیلئے اقلیتی برادری سے چیئرمین کی تقرری کیلئے قرارداد لانے، مقامات میں ہندو ذائرین کیلئے باتھ کے قیام اور کرتار پور کوری ڈور میں بلوچستان کے یاتریوں کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق معاملات بھی زیر غور آئے۔

شال بقیہ 2

الرحمن اسلام کی طرف دیکھیں، اسلام آباد ان کے نصیب میں نہیں، پاکستان کی سیاست میدان میں آگئی ہے، یہ بندگلی میں لے جانا چاہتے ہیں، عمران خان پانچ سال پورے کریگا، اسلام آباد پولیس کا رویہ ٹھیک ہو جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزراء شیخ رشید احمد، سینیٹر شبلی فراز، فاروغ نسیم، پرویز خٹک اور فواد چوہدری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ اس ملک میں وزیراعظم عمران خان ریاست کی مدینے کے اعلان کے مطابق چاہتے ہیں کہ یہاں دینی قوتوں کا احترام ہو اور ہم بھی دینی مدرسوں کو پاکستان کا میئر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں 562 مدرسے ہیں اور ان میں سے 92 رجسٹرڈ ہیں لیکن ہمیں نئے مدرسے رجسٹرڈ کرنے میں بھی کوئی اعتراض نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام وزارتی کمیٹیوں نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے اور فروغ نسیم نے قانونی مشورہ دیا ہے کہ الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے اور اسی تحت یہ الیکشن میں حصہ لینے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو جس اسمبلی کو اعتراض ہے اس اسمبلی میں یہ حصہ لینے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس الیکشن اور جس اسمبلی پر انہیں اعتراض ہے اسی میں حصہ لینے جا رہے ہیں اور اصلاحات بھی نہیں کر رہے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ مارچ کے پہلے ہفتے میں امید ہے کہ یہ سینیٹ کے انتخابات میں بھی حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ان سے توقع ہے کہ کسی جگہ امن و امان کا کوئی مسئلہ کھڑا نہیں کریں گے اور الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے جہاں فارن فنڈنگ کیس کی سماعت جاری ہے، ہم ان کے رستے میں کوئی رکاوٹ نہیں بنیں گے اور ان سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ بھی حکومت کی اس نیک دلی اور اچھی خواہش کا احترام کریں گے اور قانون اور آئین کے دائرے میں رہ کر اپنا احتجاج کریں گے۔ وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا کہ موجودہ الیکشن کمیشن پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مشاورت سے بنا ہے اور اس کمیشن نے پچھلے الیکشن نہیں کروائے، آپ برادارے کے خلاف ہیں۔

شال بقیہ 3

میں گزشتہ 2 سالوں میں دہشتگردی کے کم واقعات رونما ہوئے ہیں ہزارہ برادری کے مطالبات اور دھرنے ختم کرنے کا سہرا وزیراعلیٰ جام کمال کو جاتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آفیسرز کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا بشریٰ رند نے کہا کہ پی ڈی ایم کے چلنے آہستہ آہستہ ناکامی سے دوچار ہو رہے ہیں پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں گزشتہ 20 سالوں سے برسر اقتدار رہی سیاست کرنے کا حق سب کو ہے لیکن ملک کو نقصان پہنچانے کا اختیار کسی کو نہیں پی ڈی ایم کا بیانیہ بیرونی قوتوں کا بیانیہ ہے لورالائی میں پی ڈی ایم کا جلسہ بری طرح ناکامی سے دوچار ہوا کرپٹ لوگوں کی جائیدادیں 5 براعظموں میں ہے ملک کو قرضوں میں ڈبونے والے آج ایک بار پھر متحد ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ پی ڈی ایم جماعتیں عوامی مسائل کی حل کی بجائے ملک دشمنی پر اتر آئے ہیں وہ پارلیمنٹ کی بات نہیں کر رہے ہیں بلکہ ملک کو نقصان دے رہے ہیں جب عوام نے ان کو اقتدار سے باہر پھینکا تو آج یہ لوگ جمہوریت کے نام پر عوام کو مس گائیڈ کر رہے ہیں ملک ہے تو ہم ہیں کسی کو ملک کے خلاف بات نہیں کرنا چاہیے بلوچستان میں گزشتہ 2 سالوں میں دہشتگردی کے واقعات بہت حد تک کم ہوئے ہیں 2011 میں سب سے زیادہ حالات خراب تھے آج جب ایک واقعہ ہوا تو اپوزیشن فوراً ہمدردی کیلئے پہنچ گئی ہزارہ برادری کے مطالبات تسلیم کر دیئے گئے ہیں جس کا سہرا وزیر اعلیٰ بلوچستان کو جاتا ہے انہوں نے کہا کہ مریم نواز ایک دن پہلے ٹویٹ کرکے کہتی ہے کہ محسنوں کی تدفین کریں لیکن دھرنے میں آکر کہتی ہے کہ دھرنا جاری رکھوں یہ دوغلا پن ہے۔

شال بقیہ 4

میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 33 ہزار 869 ہو گئی ہے۔ اور 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 46 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 818 ہو گئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں 2 ہزار 284 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 67 ہزار 234 ہو گئی ہے۔

شال بقیہ 5

سے آزربائیجان کے علاقوں کو آزاد کروانے پر آزربائیجان کی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا عالمی سطح پر واضح موقف رہا ہے کہ آزربائیجان کی علاقائی سالمیت کا تحفظ یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کے وژن کے مطابق ہم آزربائیجان کے ساتھ اقتصادی تعلقات میں وسعت کے خواہشمند ہیں، ان مذاکرات میں پاکستان اور آزربائیجان کے مابین اقتصادی، تجارتی، دفاعی تعاون کے فروغ سمیت تعلیم، ثقافت اور ٹیکنالوجی کے شعبہ جات میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کیلئے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اقتصادی تعاون بالخصوص توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ذرائع کے مطابق سائنس اور زراعت کے شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون بڑھانے پر غور کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان نے عوامی سطح پر روابط کے فروغ اور تجارتی تعاون کو بڑھانے کیلئے ان ویزہ پالیسی کا اجراء کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا عالمی وبا نے پوری دنیا کی معیشت کو تباہی سے دوچار کر دیا ہے ترقی پذیر ممالک کیلئے اس وبا کے معاشی مضمرات سے نمٹنا انتہائی کٹھن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کرونا وبا کے معاشی مضمرات سے نمٹنے اور عام آدمی کی سہولت کیلئے "سمارٹ لاک ڈاؤن" کی حکمت عملی اپنائی جسے عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین کرونا عالمی وبائی چیلنج کے مضمرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششیں بروئے کار لانے پر اتفاق کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان اور آزربائیجان کے مابین اعلیٰ سطحی وفود کے تبادلوں سے دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوئے۔ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین پاکستان اور آزربائیجان کے مابین زمینی و فضائی روابط کو بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ گزشتہ روز وزارت خارجہ میں ہونیوالے سہ ملکی ڈائرکٹ کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ وزیر خارجہ نے بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، بھارتی ریاستی دہشتگردی کے حوالے سے اپنے آزری ہم منصب کو آگاہ کرتے ہوئے، عالمی برادری کی جانب سے کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر خارجہ نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے آزربائیجان کی جانب سے مسلسل حمایت پر آزربائیجان کے وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے بین الاقوامی فورمز پر ایک دوسرے کی معاونت اور حمایت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آذربائیجان کے وزیر خارجہ نے پرتپاک خیر مقدم اور مہمان نوازی پر وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 6

بیراموف نے کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین تجارتی اور ثقافتی تعاون میں اضافے کی صلاحیت موجود ہے، آزری وزیر خارجہ نے نگورنو کاراباخ پر آزربائیجان کے موقف کی حمایت کرنے پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزربائیجان مسئلہ کشمیر پر تمام بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔

شال بقیہ 7

اور معاشرہ انھیں باعزت مقام دلانے کیلئے نہایت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ سینکڑوں بچوں کی مناسب تعلیم و تربیت اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے حوالے سے نتیجہ خیز اقدامات اٹھائے ہیں جن کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

شال بقیہ 8

کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے یونین سے بلیک میل نہیں ہوں گا، اب چور اور چوکیدار کا گٹھ جوڑ نہیں ہو سکتا۔

شال بقیہ 9

کوشاں ہیں ہماری اولین ترجیح ہے کہ عوام کے مسائل اُن کے دہلیز پر حل ہوں وزیر اعلیٰ میر جام کمال خان کی سربراہی میں عوام تک ترقی کے ثمرات پہنچ رہے ہیں صوبے میں حقیقی تبدیلی کا آغاز ہوا ہے جس سے عوام کو اُن کے حقوق اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں امن و امان کے قیام، عوام کو پینے کی صاف کی فراہمی، صحت اور تعلیم پر خصوصی توجہ ہے جس کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے وفاقی و صوبائی پی ایس ڈی پیز میں شامل ترقیاتی اسکیموں کی تکمیل سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گے، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ پی ڈی ایم اندرونی اختلافات کا شکار ہو چکا ہے ایک سٹیج پر بیٹھنے والے ایک دوسرے کے بیانیہ سے متفق نہیں گزشتہ روز لورالائی کے جلسے میں پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے اندرونی اختلاف عوام نے خود دیکھ لیا ہے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کا اتحاد کھوکھلا ہو چکا ہے اور ان کا ایک دوسرے پر اعتماد نہیں ہے بلکہ بیک ڈور سے این آر او کیلئے انفرادی طور پر پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتیں حکومت سے رابطہ میں ہے۔

شال بقیہ 10

اپنا مزہ ہے۔ شہباز گل نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے مسلسل محنت سے کامیابی حاصل کی، اور ہمیشہ ملک کے لیے باعث عزت رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ہر میدان میں سخت محنت سے یہ مقام حاصل کیا اور کرکٹ سے لے کر سیاست کے میدان تک ان کا کردار سامنے رہا ہے۔ معاون خصوصی برائے سیاسی روابط نے کہا کہ خوشی کی بات ہے کرکٹ میں آج بھی وزیراعظم کی مقبولیت برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے خلاف کامیابی کا اپنا ہی مزہ ہے، ویرات کوہلی نے نواز شریف سے ہی سیکھا ہے مجھے کیوں ہرایا، گلہ کرنا ہندوستانی شائقین نے شاید نواز شریف سے ہی سیکھا ہے۔

شال بقیہ 11

انہوں نے کہا کہ یہ ہماری اختراع نہیں بلکہ بین الاقوامی انکشافات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ براڈشیٹ کے واقعات ظاہر کرتے ہیں کہ ماضی کے این آر او نے ملک کو کیسے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کے کرپٹ حکمرانوں نے اپنے گھر بھرے اور پاکستان کے عوام کو لوٹا۔

شال بقیہ 12

کہا کہ کابینہ اجلاس میں یہ بھی بات ہوئی کہ پی اے سی اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھا رہی ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ کابینہ اجلاس میں کہا گیا پی اے سی اربوں روپے لے کر آڈٹ پیرا کو سیٹل کرتی ہے۔ چیئرمین کمیٹی راناتنویر نے کہا کہ وفاقی کابینہ اجلاس میں پی اے سی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگایا۔ ڈی جی اے جی نے کہا کہ پی اے سی نے اڑھائی سال کے دوران پانچ سو ارب روپے ریکور کیے، ارکان کمیٹی نے احتجاجاً کمیٹی اجلاس سے بائیکاٹ کر دیا۔ چیف وپ عامر ڈوگر کو اس معاملے پر سپیکر قومی اسمبلی سے بات کرنے کی ہدایت کی۔ کمیٹی اراکین نے کہا کہ اگر یہ معاملہ حل نہ ہوا تو عدالت سے رجوع کریں گے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ کمیٹی کارکردگی پر سوالیہ نشان کے باعث آڈٹ پیرا نہیں لے سکتے۔ کمیٹی نے براڈ شیٹ معاملے پر اے جی کو انکوائری کرکے رپورٹ کرنے کی ہدایت کی۔ شیخ روحیل اصغر نے پی اے سی اجلاس سے بائیکاٹ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی کابینہ میں بغیر سوچے سمجھے پی اے سی سے متعلق بات کی گئی، پی اے سی اجلاس میں بیشتر اراکین حکومتی جماعت سے ہیں، کابینہ میں بیٹھنے والوں کو اے جی پی آر و اے جی کے بارے معلوم ہی نہیں۔ شیخ روحیل اصغر نے کہا کہ پی اے سی ارکان پر کیچڑ اچھالا گیا، اس سے قبل سیاسی زندگی میں اس طرح کی بات نہیں سنی۔ چیئرمین پی اے سی رانا تنویر نے کہا کہ براڈشیٹ معاملہ پر 19 جنوری کو نیب اور آڈیٹر جنرل سے رپورٹ طلب کی ہے، آڈیٹر جنرل کو براڈشیٹ معاملہ کی انکوائری کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بتایا جائے کہ براڈشیٹ کی خدمات کب حاصل کی گئیں، معاہدہ منسوخ کب ہوا اور کتنی ادائیگی کی گئی، وزیراعظم کہتے ہیں براڈشیٹ معاملہ کی تحقیقات ہونی چاہئیں کہ معاہدہ کس نے منسوخ کیا، وزیراعظم کو ہم تحقیقات کرکے بتائیں گے، پی اے سی پر کابینہ اجلاس میں الزامات کے معاملہ پر سیکرٹری کابینہ کو خط لکھا جائے گا، پہلے یہ طے کریں گے کہ کابینہ میں یہ بات ہوئی بھی ہے یا نہیں۔

شال بقیہ 13

دفاع ہولوی آکار اور چیف آف جنرل سٹاف، جنرل یاسر گلر سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں سربراہ پاک فضائیہ نے ترکی کے ساتھ دوطرفہ استعداد کار میں بہتری کے لئے دفاعی پیداوار، قومی سلامتی اور تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے کمانڈر ترک فضائیہ، جنرل حسن کوکو کا کیوز سے بھی ملاقات کی۔ دونوں سربراہان نے دور حاضر کے چیلنجوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے دونوں برادر ممالک کی فضائیہ کے مابین باہمی تعاون بڑھانے اور ایک دوسرے کی مہارت سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جن میں پاک فضائیہ کی ترکی میں اپنا تولین ایگل مشقوں میں شمولیت، پاک فضائیہ کے زیر اہتمام مختلف مشقوں میں ترک فضائیہ کی شرکت، پائلٹس کی تربیت کے تبادلے اور دفاعی پیداوار میں تعاون شامل ہیں۔

شال بقیہ 14

لگنے سے گاڑی مکمل طور پر جل کر خاکستر ہو گئی تاہم گاڑی ڈرائیور معمولی زخمی ہوا اس سلسلے میں مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 15

کہ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان کے ساتھ طے پائی ٹیم جلد گلگت بلتستان کیلئے تاریخی ترقیاتی پیکج مرتب کرے گا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا کہ کمزور طبقے اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے وزیراعظم کی ترجیح ہیں۔

شال بقیہ 16

ممکن میں دونوں ممالک مسلسل رابطے میں ہیں اور ہم نے وزیراعظم پاکستان سے سفارتی ذرائع سے برطانوی حکومت کے ساتھ اس مسئلے کو اٹھانے کو کہا ہے۔ معزز سفیر نے کہا کہ 35 سال قبل 13 جنوری کو اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر کی حیثیت سے آیت اللہ خامنہ ای کے تاریخی دورہ پاکستان اور لاہور میں ان کی تقریر کی یادگار ہے، جہاں انہوں نے رہبر انقلاب اسلامی کے بانی، امام خمینی کی طرف سے اتحاد کا پیغام دیا، پاکستان کے عوام نے آگاہ کیا اور کہا کہ اے پاکستان کے علمائے کرام، قرآن اور اسلام کی حفاظت کرنے والی عظیم سازشوں پر نظر رکھیں کہ مشرق اور مغرب نے ملت اسلامیہ کو تقسیم کرنے کے لئے ہاتھ ملایا ہے، آپ فرقہ وارانہ اور مسلکی اختلافات، جغرافیائی اور نسلی اختلافات کے باوجود آپس میں ایک ہو جائیں، شیعہ اور سنیوں کو متحد کریں، دشمنوں کے خلاف ایک مٹھی کی مانند اکٹھے ہو جائیں۔ سید محمد علی حسینی نے کہا کہ صیہونی حکومت کو تسلیم کرنے اور اسلامو فوبیا کیخلاف وزیر اعظم پاکستان کے پختہ موقف کی تائید کرتے ہیں، ایران اور سعودی عرب کے مابین کشیدگی میں اضافے پر عمران خان کی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔

شال بقیہ 17

ایس او کے ایم ڈی کی تعیناتی کا کیس چل رہا ہے، اس کیس کی حقیقت سندھ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں بیان کر دی ہے، کیس میں کوئی حقیقت ہے نہ کوئی دلائل ہے۔ یہ سیاستدانوں کی زینت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں کو کٹہروں میں کھڑا کرنے والا نیب خود کٹہرے میں کھڑا ہے۔ 20 سال پہلے نیب کیا کر رہا تھا اور آج کیا کر رہا ہے۔ نیب کو کس نے اختیار دیا کہ عوام کے 7 ارب کھینچ کو دے دیئے گئے اور چند نام چھپانے کے لیے سارے الزام نواز شریف پر ڈالے گئے، اعلیٰ عدلیہ اس معاملے پر از خود نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ براڈشیٹ کو نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ نیب سیاستدان کو دبانے کا ذریعہ ہے۔ سپریم کورٹ نے فیصلوں میں لکھا ہے کہ نیب سیاسی انجینئرنگ کا ادارہ ہے۔

شال بقیہ 18

سائٹ، ای میل فون اور سی پی جی علاقائی دفاتر جا کر شکایات کا اندراج کروائی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں پر کسی قسم کا کوئی خرچ نہیں آتا، کورونا میں شکایات کا نمٹانگان کو سماعت آن لائن کرنے کی ہدایت کی گئی، پچھلے سال کورونا کے باوجود ایک لاکھ 33 ہزار 521 شکایات موصول ہوئی، ہم نے پچھلے سال ایک لاکھ 30 ہزار 112 شکایات کا ازالہ کیا، ہمارے ایڈوائزر نے تحصیلوں اور ضلعوں میں جا کر لوگوں کی شکایات سنی، ہم نے شکایات کے ازالے کا مربوط نظام بنایا ہے، پچھلے سال 70 فیصد شکایات آن لائن آئیں، نظر ثانی کی درخواستیں صرف 1100 موصول ہوئیں، صدر مملکت کو اس سال 370 اپیلیں گئی اور صدر نے 300 سے زیادہ شکایات میں ہمارے ساتھ اتفاق کیا، ہم نے ایجنسیوں، پولی اور گیس کی تقسیم کار کمپنیوں کے ساتھ بھی میٹنگز کی ہیں، سپریم کورٹ نے جیلوں کی اصلاحات کی ذمہ داری سونپی ہے ہر 3 ماہ بعد ہم رپورٹس پیش کرتے ہیں، اب تک سپریم کورٹ میں 8 رپورٹس پیش کر چکے ہیں، وفاقی محتسب نے ٹیلیفونک ریفارمز پر بھی کام کیا۔

شال بقیہ 19

کرنے اور جسٹس آف پیس کے فیصلے کے خلاف بھی درخواست دی تھی جبکہ سینیٹر رحمان ملک نے جسٹس آف پیس کے فیصلے کیخلاف درخواست دائر کر رکھی تھی۔ دونوں فریقین نے اپنی اپنی درخواستیں واپس لے لیں۔ عدالت نے متفرق درخواست منظور کرکے تمام درخواستیں خارج دیں۔

شال بقیہ 20

نیب خبروں کو جھوٹا قرار دے رہے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ریفرنس کے معاملہ پر نیب پنڈی اور ہیڈکوارٹر کی موقف میں تضاد ہے۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ سمجھ نہیں آ رہا کہ نیب کیا کر رہا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا انجینئر منظمی دوبارہ سے انجینئرنگ میں مصروف ہیں؟۔ واضح رہے کہ سلیم مانڈوی والا نے چیئرمین نیب، ڈی جی نیب اور تحقیقاتی افسر کے خلاف تحریک جمع کرا رکھی ہے۔

شال بقیہ 21

کال پر واپڈا میں ممکنہ نجکاری کرنے والے فیصلے کیخلاف جیکب آباد میں بھی چیئرمین بابو حنیف لاشاری کی قیادت میں سیپکو آفیس سے لیکر پریس کلب تک احتجاجی ریلی نکالی گئی، شرکاء ریلی نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا کر مارچ کیا اور واپڈا میں ممکنہ نجکاری کرنے والے فیصلے پر حکومت کیخلاف شدید نعرے بازی کی، اس موقع پر مقررین کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ موجودہ حکومت واپڈا میں نجکاری کرکے غریب ملازمین کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنا چاہتی ہے، جبکہ اضافی تنخواہیں اور سالانہ انکریمنٹ ختم کرنا ملازمین کے قتل کے مترادف ہے مقاہرین نے اعلیٰ حکام سے واپڈا کو نجکاری کرنے والا فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔

شال بقیہ 22

اضافی تنخواہ جو ہر کسی کو ملتی ہے وہ بھی ابھی تک اسے نہیں ملا Enchahment اور گریجویٹی کا بل پاس ہو گیا ہے مگر ہیڈ کوارٹر لاہور سے رقم ریلیز نہیں ہوئی۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے دفتر کے چکر لگا لگا کر تنگ آ چکا ہے لیکن سننے کے لئے کوئی تیار نہیں ہے اس نے وفاقی محتسب کو التماس کی کہ اس کے ساتھ ہمدردی کرتے ہوئے محکمہ ریلوے کو یہ ڈویژن کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ جلد از جلد اس کے تمام بقایاجات ادا کرے تاکہ اس کو پریشانیوں سے نجات حاصل ہو سکے اس حوالے سے وفاقی محتسب نے بروقت نوٹس لیا ریلوے حکام کو طلب کیا اور ادائیگی کرنے کے احکامات صادر فرمائے اس طرح ایک سال کے بعد وفاقی محتسب کی کوششوں سے اس غریب پنشنر کو اس کے بقایاجات ایک ماہ کے دوران ادا ہوئے وہ وفاقی محتسب کے ادارے کا مشکور ہے اس کے بچے دعائیں دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 23

کے بدلے میں جنوبی کوریا سے منجمد رقوم کو واگزار کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ جنوبی کوریا کی نیوز ایجنسی کے مطابق ایک طرف ایران پر فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے معاملے کو سیاسی رنگ نہ دینے پر زور دے رہا ہے اور دوسری طرف اس نے پکڑے گئے جہاز کے بدلے میں منجمد اثاثوں کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ اگرچہ ایران نے سرکاری طور پر ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ وہ یرغمال بنائے گئے جنوبی کوریائی بحری جہاز کو رقوم کے حصول میں استعمال کر رہا ہے۔ جنوبی کوریا کی حکومت کے ایک ذمہ دار نے کہا کہ ان کے ملک اور تہران کے مابین مذاکرات میں پیشرفت کے اشارے بہت کمزور ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران سیول میں منجمد رقوم کو واگزار کرانے کا مطالبہ کر رہا ہے۔

شال بقیہ 24

لیٹر لیوی کے حساب سے کیا گیا، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا حتمی فیصلہ وزارت خزانہ وزیراعظم کی مشاورت سے کرے گی۔

شال بقیہ 25

کیخلاف پاور ہاؤس سے پریس کلب تک احتجاجی ریلی نکالی گئی اور شکارپور پریس کلب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا، اس موقع پر مزدور اتحاد زندہ باد، واپڈا کی نجکاری نامنظور کی شدید نعرے بازی کی گئی، احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل چیئرمین آغا شعیب احمد، آغا خیام خان، غوث بخش سنجرانی، نصیر سومرو اور دیگر نے کہا کہ وفاقی حکومت واپڈا، سیپکو کے اداروں کو نجکاری کرنے کی تیاری کر رہی ہے، جس فیصلے کو ہم رد کرتے ہیں، واپڈا نجکاری ہمیں کسی صورت میں منظور نہیں ہے، جب تک نجکاری کے فیصلے کو واپس نہیں لیا جائے گا تب تک احتجاج جاری رہے گا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ واپڈا ملازمین کو ڈینجر اور ٹیکنیکل الاؤنس دیا جائے، لائین پر کام کرنے والے ملازمین کو حفاظتی سامان مہیا کیا جائے، آن ڈیوٹی ویلیو اور ڈی اے بحال دیا جائے، اسٹاف کی کمی کو پورا کیا جائے اور مہنگائی کی مناسبت سے تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔

شال بقیہ 26

نواز خان ملازم ریڈیو پاکستان لورالائی سائن ڈیرہ اسماعیل خان اور اسکا 12 سالہ بیٹا جاں بحق ہوئے جبکہ اسکی بیوی اور دو معصوم بچے شدید زخمی ہو گئے انکے ناموں کی شناخت نہیں ہو سکی شدید زخمی خاتون اور اسکے دو معصوم زخمی بچوں کو ملتان ریفر کر دیا مذید کاروائی لورالائی لیویز کر رہی ہے۔

شال بقیہ 27

اجازت نہ مل سکی آمدہ اطلاعات کے مطابق اصیل نامی شخص جو کہ مریض تھا پاکستانی حدود میں داخلے کے وقت سیکورٹی کلیرنس تاخیر کے باعث مریض نے باڈر کراسنگ پر دم توڑ دیا۔ بتایا جاتا ہے متوفی علاج کے لیے پاکستان آ رہا تھا۔

شال بقیہ 28

کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے قبل واہندین کے قریب پنک پر جانے والا محمد انور نامی شخص کو سر پر گولی مار کر قتل کر دیا تھا جس کی لاش کو واہندین کیو آر ایف نے برآمد کر لیا گزشتہ دنوں سے واہندین لیویز فورس نے تحصیلدار اکبر علی مزارزئی کی سربراہی میں کاروائی کرتے ہوئے تین افراد کو گرفتار کر لیا ہے گرفتار افراد میں عبدالرازق، ذاکر، اور عبدالوحید نامی شخص شامل ہے لیویز فورس نے تینوں افراد کو تھانہ میں بند کرکے مزید تفتیش کر رہی ہے۔

شال بقیہ 29

مشرقی بائیپاس پر لوکل بس سے گر کر چھ جاں بحق ہو گیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 30

شعبے میں میڈ ان پاکستان آلات اور مشینوں کیلئے کیم چیلنجز سال ہوگا۔ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ سال صحت کے شعبے میں میڈ ان پاکستان آلات اور مشینوں کیلئے کیم چیلنجز سال ہوگا، ہم جو ابھی سرنج تک نہیں بناتے تھے، ہم اس سال انتہائی جدید مشینری بنانے والے ملکوں میں شامل ہو جائیں گے۔ فواد چوہدری نے اس متعلق کہا کہ کم از کم دنیا کے دو بڑے برانڈز پاکستان میں اپنی فیکٹری لگانے کو تیار ہیں۔

شال بقیہ 31

مہنگائی تو کنٹرول نہیں ہو رہی، شہریوں سے کھلواڑ اضواد ہے۔۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خصوصاً" لاہور شہر کا نرالا حال ہے۔ انہوں نے کہا کہ باغات کا شہر لاہور کنکریٹ میں تبدیل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کو کس جرم کی سزا دی جا رہی ہے؟۔

شال بقیہ 32

بھی نوٹس بھیج دیا۔ نوٹس کے مطابق عظمیٰ بخاری الزامات پر معافی مانگیں، پچاس کروڑ ہرجانہ ادا کریں، عظمیٰ بخاری نے ٹی وی شو میں بے بنیاد الزامات لگائے۔ شہزاد اکبر نے کہا کہ ہرجانے کی رقم وصول کرکے خیراتی اداروں کو دوں گا۔

شال بقیہ 33

بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان تحریک انصاف کے مطابق مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر خصوصی تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 34

اپنے شہریوں کی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ اعلان کے مطابق متعدد ملکوں میں کرونا وائرس کی ہلاکت خیزیاں بڑھتی جا رہی ہیں اور اسی طرح بعض ملکوں کے داخلی سکیورٹی مسائل ایسے ہیں کہ جن میں وہ اپنے ہاں سفر اختیار کرنے والے غیر ملکیوں کی حفاظت کی ذمہ داری ادا کرنے سے قاصر ہیں، لہذا سعودی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ایسے ملکوں کا سفر اختیار کرنے سے پہلے متعلقہ محکمے سے اجازت لینا ضروری ہے۔ جن

پی ٹی وی قومی ادارہ، عظمت رفتہ کی بحالی اولین ترجیح ہے، شبلی فراز

وزیراعظم کی اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز پر تقاریر کو علاقائی زبانوں میں ترجمہ کر کے عوام تک پہنچائی جائیں

ماضی کے ناظرین واپس لانا پی ٹی وی کے تمام چینلز کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، حکومت کے اقدامات' وفاقی وزیر اطلاعات

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یسین زئی سے بلوچستان عوامی پارٹی کی ورچین مری ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پی ٹی وی قومی ادارہ ہے، اس کی عظمت رفتہ کی بحالی اولین ترجیح ہے، ماضی کے ناظرین واپس لانا پی ٹی وی کے تمام چینلز کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، حکومت کے اقدامات' وزیراعظم کی اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز پر تقاریر کو علاقائی زبانوں میں ترجمہ کر کے عوام تک پہنچائی جائیں۔ جمعرات کو پی ٹی وی جنرل منیجرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) قومی ادارہ ہے، اسکی عظمت رفتہ کی بحالی اولین ترجیح ہے، ماضی کے ناظرین واپس لانا پی ٹی وی کے تمام چینلز کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم کے اسلاموفوبیا اور بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ کے زیر صدارت محکمہ ایجوکیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ کے زیر صدارت محکمہ ایجوکیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ای او حبیب اللہ ملغانی، ڈی ڈی او دکی معصوم لونی، ڈی ڈی او ای نصیب اللہ ناصر اے ڈی او عنایت خان لونی، محمد طاہر ناصر اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کو ڈی ای او ایجوکیشن حبیب اللہ ملغانی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ محکمہ ایجوکیشن کا دفتر نہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

فاطمید فاؤنڈیشن میں نوسو تھیلیسیمیا کا شکار مریض بچے رجسٹرڈ ہیں

لیکن انتظامیہ کی جانب سے ہسپتال میں داخلے پر پابندی سے 900 بچوں کی زندگیاں داؤ پر لگ گئیں ہیں

کوئٹہ میں تھیلیسیمیا کا شکار بچوں کا کوئٹہ پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں تھیلیسیمیا کا شکار بچوں نے بینک ہسپتال میں فاطمید فاؤنڈیشن میں داخلے پر پابندی کیخلاف پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ جمعرات کو احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے بچوں کا کہنا تھا کہ سخت سردی میں اپنی انا کی جنگ لڑنے پریس کلب تک آئے ہیں، فاطمید فاؤنڈیشن میں نوسو تھیلیسیمیا کا شکار مریض بچے رجسٹرڈ ہیں لیکن انتظامیہ کی جانب سے ہسپتال میں داخلے پر پابندی سے 900 بچوں کی زندگیاں داؤ پر لگ گئیں ہیں انکا کہنا تھا کہ شدید سردی میں ہمارے والدین بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلقات عامہ صوبائی حکومت کا انتہائی اہم محکمہ ہے، عرفان عرشین

موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی اور اصلاحات سے محکمے کی کارکردگی مزید بہتر ہو رہی ہے

صوبائی حکومت کے حوالے سے رائے عامہ کو ہموار کرنے میں کامیابی حاصل ہو رہی ہے' صوبائی سیکرٹری انفارمیشن

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری انفارمیشن شاہ عرفان عرشین نے کہا ہے کہ محکمہ تعلقات عامہ صوبائی حکومت کا انتہائی اہم اور ضروری محکمہ ہے۔ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی اور اصلاحات سے محکمے کی کارکردگی مزید بہتر ہو رہی ہے۔ جس سے صوبائی حکومت کے حوالے سے رائے عامہ کو ہموار کرنے میں کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تبادلہ ہونے کے بعد اسٹاف کی جانب سے اپنے اعزاز میں دی گئی الوداعی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوہلو، پولیس آفیسر میر اسماعیل مری ضلع کے مختلف علاقوں میں انسداد پولیو مہم کے دوران ٹیموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ندیم افضل کا استعفیٰ وزیراعظم کو موصول

پارٹی میں رہوں گا، عہدہ نہیں لوں گا، ندیم افضل چن نے گاڑی، دفتر اور سرکاری مراعات واپس کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی و ترجمان ندیم افضل چن نے کسی صورت بھی استعفیٰ واپس نہ لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی میں رہوں گا، عہدہ نہیں لوں گا، عمران خان نے بھی مختصر استعفیٰ کی تحریر پڑھ کر کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ندیم افضل چن کا استعفیٰ وزیراعظم عمران خان کو موصول ہو گیا ہے، ذرائع کے مطابق انہوں نے گاڑی اور دفتر سمیت دیگر سرکاری مراعات واپس کر دیں۔ ذرائع کے مطابق ندیم افضل چن نے کہا کہ پارٹی میں رہوں گا لیکن عہدہ نہیں لونگا، ان کی اس متعلق قریبی ساتھیوں سے بات چیت بھی ہوئی ہے۔

عمران خان خطے میں پائیدار امن کے حامی ہیں' ترجمان پنجاب حکومت

پی ٹی آئی آئندہ نسلوں کو جنگ یا غربت کی بجائے امن اور خوشحالی دینا چاہتی ہے' ڈاکٹر شاہد صدیق

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب حکومت ڈاکٹر شاہد صدیق نے کہا ہے کہ عمران خان خطے میں پائیدار امن کے حامی ہیں، موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ ہمسایہ ملکوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات کو فروغ دیا جائے، پی ٹی آئی آئندہ نسلوں کو جنگ یا غربت کی بجائے امن اور خوشحالی دینا چاہتی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی موجودہ حکومت نے ہمیشہ ہمسایہ ممالک سے برابری کی سطح پر بات کی بھارتی حکمران مودی کی ہٹ دھرمی خطے میں قیام امن کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں بھارت کو ایک نہ ایک دن مذاکرات کے ٹیبل پر آنا ہی پڑے گا۔

کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر صدر حمیرہ بلوچ صدر ڈویژن میں صفائی مہم کے دوران رضا کاروں کے ہمراہ صفائی میں مصروف ہے

بلوچستان نیشنل پارٹی واشک کے ضلعی ترجمان نصیر کبدانی کا اظہار تعزیت

ماشکیل (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی واشک کے ضلعی ترجمان نصیر کبدانی نے ایک تعزیتی بیان میں چیف آف جھالاوان ممتاز سیاسی و قبائلی رہنما، سابق وزیر داخلہ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

شوبز انڈسٹری میں آنے والے فنکاروں کے جڑواں اور ہم شکل بہن بھائی بھی موجود ہیں

اداکار احسن خان کے بھائی یاسر خان ان کے ہم شکل اور لندن میں مقیم ہیں، انتہائی مذہبی اور دیندار شخص ہیں

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری میں آنے والے فنکاروں کے جڑواں اور ہم شکل بہن بھائی بھی موجود ہیں جس کی وجہ سے بعض اوقات ان کے پرستاروں کو خوشگوار حیرت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فلم، ٹی وی اور ماڈلنگ میں کامیاب حاصل کرنے والے کئی فنکار ایسے ہیں جن کے ہم شکل بہن بھائی بھی ہیں۔

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ میں 10 روزہ صفائی مہم شروع کر دی

کوئٹہ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں کوئٹہ ہمارا گھر اور شناخت ہے

یہ مہم 14 جنوری سے 24 جنوری تک جاری رہے گی انتظامیہ ان لوگوں کا خیر مقدم کریگی

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نے کوئٹہ صدر ڈویژن میں 10 روزہ صفائی مہم شروع کر دی یہ مہم 14 جنوری سے 24 جنوری تک جاری رہے گی مہم کے دوران صدر ڈویژن میں شامل علاقوں سمنگلی روڈ، جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، ایئرپورٹ روڈ، نواں کلی اور گرد و نواح میں صفائی مہم، اسٹریٹ وال پینٹنگ مقابلے، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور مرمت کا کام، کچرہ دانوں کی تنصیب، باقاعدہ کچرا اٹھانے کے مقامات شہر میں پانی کے فلٹریشن پلانٹس و دیگر بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی سے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر عارف محمد حسنی اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے لئے مزید اقدامات کیے جائیں گے، سیدال خان لونی

ہم شہر لوگ کے دیوار پر پندرہ سے زائد سبق آموز مصوری کی گئی، رضا کار مصوروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا' عبدالباسط بزدار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے اور امن و امان کے حوالے سے مثبت پیغام کے ویژن کو مدنظر رکھتے ہوئے خوبصورتی کے پہلے مرحلے میں ایڈمنسٹریٹر سیدال خان لونی کے احکامات پر کوئلہ چھانک بلوچستان پبلک سروس کمیشن دفتر کے دیوار پر بلوچستان کے نوجوان مصوروں نے سبق آموز مصوری کرتے ہوئے اپنے فن کا مظاہرہ کیا، بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کی اہم ترین شاہراہ سمنگلی روڈ کوئلہ چھانک راؤنڈ اباؤٹ کے ساتھ واقع دیوار پر خوبصورت اور مثبت پیغام والے پندرہ سے زائد الگ الگ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ جو معاہدے کئے ہیں، محمد اسحاق لہڑی

ہمیں اس حالات میں سوچنا ہے کہ متحد و منظم ہو تا کہ ہم اپنے اثاثوں اور اداروں کو کو بچا سکے' سی پی اے

مستونگ (این این آئی) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی پی اے) کے مرکزی کال پر واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی پی اے) مستونگ کے زیر اہتمام واپڈا کی نجکاری اور کردگاپ میں واپڈا اہلکاروں پر حملے خلاف کیسکو آفس سے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی اور پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے خطاب ڈویژن کے چیئرمین محمد اسحاق لہڑی۔ بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بجٹ پروگرام بلوچستان کا منظور شدہ بجٹ ریلیز کیا جائے میڈیسن و دیگر ضروری سامان نہیں دیا گیا، منظور علی کھرانی

25 سالہ کامیابی کا مشن اب ناکامی کی طرف جا رہا ہے تمام تر سہولیات فراہم کر کے پروگرام کو درست سمت پر لایا جائے' بیان

صحت پور (این این آئی) بجٹ پروگرام بلوچستان کا منظور شدہ بجٹ ریلیز کیا جائے میڈیسن و دیگر ضروری سامان نہیں دیا گیا 25 سالہ کامیابی کا مشن اب ناکامی کی طرف جا رہا ہے تمام تر سہولیات فراہم کر کے پروگرام کو درست سمت پر لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار بجٹ پروگرام ایمپلائز یونین ضلع صحت پور کے صدر منظور علی کھرانی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بجٹ پروگرام بلوچستان کا منظور شدہ بجٹ ریلیز کیا جائے۔ میڈیسن و بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بھاگ کے قریب کار الٹنے سے پیپلز پارٹی ضلعی رہنما جاں بحق

بھاگ (این این آئی) بھاگ کے قریب کار الٹنے سے پیپلز پارٹی ضلعی رہنما جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق بھاگ کے قریب مقامی درگاہ پیر تیار غازی پر تیز رفتار کے باعث گاڑی کھائی میں گر جانے کے باعث پیپلز پارٹی ضلع بھاگ سینیٹر نائب صدر ارباب انعام ایری جاں بحق ہو گئے وہ پیپلز بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

سربراہ پاک فضائیہ کی ترکی کی اعلیٰ فوجی قیادت سے ملاقاتیں

پاکستان اور ترکی بالخصوص دونوں فضائی افواج کے مابین دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل مجاہد انور خان نے ترکی کے چار روزہ سرکاری دورے کے دوران ترکی کی اعلیٰ فوجی قیادت سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان اور ترکی بالخصوص دونوں فضائی افواج کے مابین دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ سربراہ پاک بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

محکمہ لائیو اسٹاک ژوب کے مختلف علاقوں میں موبائل ویٹرنری کیمپ لگا رہے ہیں

ژوب کے دور دراز علاقوں کے عوام مستفید اور انکے مسائل انکے دہلیز پر حل ہو رہے ہیں، ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ

ژوب (این این آئی) صوبائی وزیر حامی مضافات کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ لائیو اسٹاک کے زیر اہتمام ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ کی سربراہی میں ڈاکٹروں پر مشتمل ٹیم نے یونین کونسل واڑ اکرم میں موبائل ویٹرنری کیمپ منعقد کیا جس میں سینکڑوں بھیڑ بکریوں کی ویکسینیشن کرائی گئی اس موقع بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

دکی، ڈپٹی کمشنر عظیم کاکڑ محکمہ ایجوکیشن کے اجلاس کر رہے ہیں

امریکی محکمہ خزانہ کی ایران کی تین شخصیات اور دو بڑے اداروں پر نئی پابندیاں عاید

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے محکمہ خزانہ کے دفتر برائے غیر ملکی اثاثہ کنٹرول نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے براہ راست کنٹرول میں تین شخصیات، دو اداروں اور ڈپلی تنظیموں پر نئی پابندیاں عاید کر دیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں امریکی وزیر خزانہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

یہ فیصلہ حکومت کی جانب سے اپنے شہریوں کی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے' سعودی وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے اپنے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ وزارت کی طرف سے جاری کردہ بارہ ملکوں کا سفر بغیر اجازت کے بغیر اختیار نہ کریں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ فیصلہ حکومت کی جانب سے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پولیو کے خاتمے کے لیے انتظامیہ مزید متحرک ہو گئی ڈویژن بھر میں انسداد پولیو مہم کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی

نصیر آباد (این این آئی) پولیو کے خاتمے کے لیے انتظامیہ مزید متحرک ہو گئی ڈویژن بھر میں انسداد پولیو مہم کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ڈویژن بھر میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لئے ٹارگٹ فکس کر دیا گیا ٹیموں کی مانیٹرنگ کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں جو فیلڈ میں کام کرنے والے ورکرز کے کام کا جائزہ لیں گے WHO کے ڈویژنل کوآرڈینیٹر نجیب اللہ خان مروت کے ڈویژن کے پانچ سال سے کم عمر کے 448326 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے لیے 1404 ٹیمیں تشکیل بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اسرائیل کی شام پر بدترین فضائی کارروائی، 57 افراد ہلاک

اسرائیلی فورسز نے عراقی سرحد سے متصل مشرقی علاقے دیرالزور میں مختلف مقامات پر 18 حملے کیے، شامی آبزرویٹری

حمص (این این آئی) اسرائیل نے شام کے مشرقی علاقے میں حالیہ برسوں کے دوران بدترین فضائی کارروائی کرتے ہوئے بشارالاسد حکومت کے 57 حامیوں کو ہلاک کر دیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انسانی حقوق کی تنظیم سیرین آبزرویٹری کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فورسز نے عراقی سرحد سے متصل مشرقی علاقے دیرالزور میں مختلف مقامات میں 18 حملے کیے۔

سندھ میں ہوا سے بجلی بنانے والے پانچ منصوبوں کا ٹیرف نوٹیفائی کیا جائے، امتیاز شیخ

قابل تجدید ذرائع سے بجلی بنانے کے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جائے، وزیر توانائی سندھ کا وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان کو مراسلہ

کراچی (این این آئی) وزیر توانائی سندھ امتیاز احمد شیخ نے وزیر توانائی پاکستان عمر ایوب خان کو ارسال کئے گئے ایک خط میں کہا ہے کہ سندھ میں ہوا سے بجلی بنانے والے 5 منصوبوں کا ٹیرف تاحال نوٹیفائی نہیں کیا گیا ہے لہذا ازراہ کرم ہے کہ ان پانچوں منصوبوں کے لئے ٹیرف جلد از جلد گزٹ آف پاکستان میں نوٹیفائی کیا جائے۔ اپنے خط میں وزیر توانائی سندھ نے لکھا ہے کہ ہوا سے بجلی بنانے والے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے ایک وفد نے وزارت توانائی سندھ سے رابطہ کر کے واضح کیا کہ اس طرز عمل سے ہوا سے بجلی بنانے کے لئے سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی کا باعث ہے۔

زارا اکبر برطانیہ میں کورونا کی نئی لہر میں شدت آنے کے باعث ایک بار پھر گھر میں محصور ہو گئیں

کورونا وباء کے باعث بے پناہ بلاکتیں ہو رہی ہیں اور ہر طرف خوف کا عالم ہے' اداکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) برطانیہ میں مقیم نامور اداکارہ زارا اکبر کورونا کی نئی لہر میں شدت آنے کے باعث ایک بار پھر گھر میں محصور ہو گئیں۔ اداکارہ زارا اکبر اپنے ایک پراجیکٹ کے سلسلہ میں لندن میں مقیم ہیں اور حالیہ دنوں میں کورونا وباء کی دوسری لہر میں شدت آنے کے بعد اپنے گھر ساؤتھ ہال میں محصور ہو گئی ہیں۔ زارا اکبر نے بتایا کہ کورونا وباء کے باعث بے پناہ بلاکتیں ہو رہی ہیں اور ہر طرف خوف کا عالم ہے۔

گائیکی کی دنیا میں ملکہ ترنم نور جہاں سے بہت متاثر، اپنا روحانی استاد مانتی ہوں' شاہدہ منی

متاثر کن شخصیت اور مسحور کن آواز کی مالکہ ملکہ ترنم نور جہاں آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و گلوکارہ شاہدہ منی نے کہا ہے کہ ہر فنکار کا کوئی نہ کوئی آئیڈیل ہوتا ہے جس سے وہ بہت متاثر ہوتا ہے، گائیکی کی دنیا میں ملکہ ترنم نور جہاں میری پسندیدہ گلوکارہ ہیں اور میں انہیں اپنا روحانی استاد مانتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وہ جتنی بڑی گلوکارہ تھیں اس سے بڑھ کر شفیق، ملنسار اور محبت کرنے والی خاتون تھیں، متاثر کن شخصیت اور مسحور کن آواز کی مالکہ ملکہ ترنم نور جہاں آج بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔

جب بھی وقت ملتا ہے اچھا میوزک سنتا ہوں اور ادبی کتابوں کا مطالعہ کرتا ہوں' نعمان اعجاز

اسکرپٹ اچھا ہوگا تو سامنے آنے پر اس کی کہانی اور آپ کیلئے لکھا گیا کردار آپ کے دل کو چھو لے گا

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار نعمان اعجاز نے کہا ہے کہ نوجوانی کے دور سے اچھا میوزک سننے اور ادبی کتابیں پڑھنے کا شوق تھا جو آج بھی برقرار ہے، جب بھی وقت ملتا ہے اچھا میوزک سنتا ہوں اور ادبی کتابوں کا مطالعہ کرتا ہوں۔ ایک انٹرویو میں نعمان اعجاز نے کہا کہ اچھے اور غیر معیاری اسکرپٹ میں فرق کرنے کیلئے کسی خاص پیمانے کی ضرورت نہیں بلکہ جب اسکرپٹ اچھا ہوگا تو سامنے آنے پر اس کی کہانی اور آپ کے لئے لکھا گیا کردار آپ کے دل کو چھو لے گا۔

کورونا وباء میں شدت آنے کے بعد برطانیہ میں شوٹ کی جانے والی فلم "دیوانہ" کی شوٹنگ میں تعطل

فلم میں پاکستانی نژاد برطانوی اداکارہ عدنان خان اور اداکارہ زارا اکبر مرکزی کردار نبھا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) کورونا وباء کی لہر میں شدت آنے کے بعد برطانیہ میں شوٹ کی جانے والی اردو فلم "دیوانہ" کی شوٹنگ میں تعطل آ گیا۔ اس فلم میں پاکستانی نژاد برطانوی اداکارہ عدنان خان اور اداکارہ زارا اکبر مرکزی کردار نبھا رہے ہیں جبکہ اس میں برطانوی اداکار بھی کردار نبھا رہے ہیں۔ فلم کے موسیقار بھوکار اور دیگر ہنرمندوں کا تعلق بھارت سے ہے۔ اس فلم کی نمائش عید الاضحیٰ پر کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان آئی جی ایف نارتھ میجر جنرل فیاض حسین شاہ کو لکڑی کی کشتی کا ماڈل دے رہے ہیں

بحیثیت ایک ذمہ دار قوم ہمیں ملکر پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا' کمشنر ژوب

موجودہ حکومت صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے' سہیل الرحمٰن بلوچ

لورالائی (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بحیثیت ایک ذمہ دار قوم ہمیں ملکر پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ موجودہ حکومت صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے اور اپنے مستقبل کے معماروں کے تحفظ کے لیے تمام پیشہ ور سے تعلق رکھنے والے افراد آگے آئیں تاکہ اس موذی مرض کا بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

سوہا ہائی پبلک لائبریری گوادر کے طلبہ کیلئے منفرد موقع، طلبا لائبریری سے استفادہ کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوادر انیس طارق گورگیج

گوادر (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوادر انیس طارق گورگیج نے سوہا ہائی پبلک لائبریری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر محکمہ سوشل ایجوکیشن کے صدر اور دیگر اراکین و طلباء نے ان کا استقبال کیا۔ لائبریری اسٹاف کی غیر حاضری پر انیس بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں واپڈا کی نجکاری کے خلاف ہائیڈرو الیکٹرک یونین کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں واپڈا کی نجکاری کے خلاف ہائیڈرو الیکٹرک یونین کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا ورثاء ملازمین واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین نصیر آباد کے چیئرمین غلام یاسین کھوسہ سب ڈویژن ڈیرہ اللہ یار کے چیئرمین محمد حسن لاشاری و دیگر کی قیادت میں ہیں بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

پی ایچ ای آفیسرز اسکیمات بنانے فائدے کی چیز تلاش کرنے میں مصروف عمل

خضدار کے کئی محلوں میں پانی دستیاب نہیں، سیلون حمام والے پانی کے معاملے پر خود کفیل اور ان پر پانی فراہم کرنے والے محکمے کا نظر کرم

خضدار (این این آئی) خضدار میں پی ایچ ای عوام کو پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام ہو گئی، پی ایچ ای آفیسرز اسکیمات بنانے فائدے کی چیز تلاش کرنے میں مصروف عمل، پانی کی فراہمی ان کے شیڈول میں نہ ہونے کے برابر ہے، خضدار کے کئی محلوں میں پانی دستیاب نہیں، سیلون حمام والے پانی کے معاملے پر خود کفیل اور ان پر پانی فراہم کرنے والے محکمے کا نظر کرم ہے تفصیلات کے مطابق خضدار میں نظام آباد، اسد آباد، اور بازار ایریا میں گزشتہ کئی مہینوں سے پی ایچ ای کی جانب سے پانی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے، ایک ہفتہ بعد صرف دس منٹ کے لئے بمشکل والو کھولے جاتے ہیں، پانی گھروں تک پہنچنے سے قبل ہی والو بند کر دیا جاتا ہے، خضدار کے سینکڑوں گھرانے ٹینکر کے ذریعے قیمتاً پانی خریدنے پر مجبور ہیں، اس بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

فیڈریشن کے اکائیوں کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے' جے یو آئی

ریاست مدینہ میں لوگوں کی جان، مال اور عزت محفوظ تھی یہاں تو سرعام نوجوان کو قتل کیا جاتا ہے، لوگوں کا مال محفوظ نہیں

وفاقی آئین، پارلیمنٹ اور سینیٹ کو بائی پاس کر کے صدارتی آرڈیننس کے ذریعے صوبوں کے وسائل پر قبضہ کرتے ہیں، مولوی فیض محمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و سینیٹر مولوی فیض محمد نے کہا ہے کہ ریاست مدینہ میں لوگوں کی جان، مال اور عزت محفوظ تھی یہاں تو سرعام نوجوان کو قتل کیا جاتا ہے، لوگوں کا مال محفوظ نہیں وفاقی آئین، پارلیمنٹ اور سینیٹ کو بائی پاس کر کے صدارتی آرڈیننس کے ذریعے صوبوں کے وسائل پر قبضہ کرتے ہیں، فیڈریشن کے اکائیوں کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے جس کے انتہائی منفی نتائج برآمد ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما، سینیٹر مولوی فیض محمد نے کہا کہ دنیا میں اسلامی ریاست ہو یا جمہوری ریاست ہو وہ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لاہور، ملتان روڈ پر ایک محنت کش نے فٹ پاتھ پر خشک میوہ جات کا سٹال سجا رکھا ہے

پاک بحریہ کے تین کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے تین کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ترقی پانے والوں میں کموڈور جاوید اقبال، کموڈور محمد سہیل ارشد اور کموڈور سلمان الیاس شامل ہیں۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ریئر ایڈمرل جاوید اقبال اور بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ارین فاریسٹ کے تحت 5 میگاواٹ کے جنگلات کا مارچ کے پہلے ہفتے ایک ساتھ افتتاح کیا جائیگا' ڈی جی پی ایچ اے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں میگاواٹ کے مصنوعی جنگلات لگانے کے حوالے سے پی ایچ اے ہیڈ کوارٹر میں ڈی جی جواد احمد قریشی کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ جس میں تمام پروجیکٹ اور بارٹیکلچر ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

پوپیو کے دعووں سے قبل ایرانی عہدیداروں کے القاعدہ کی معاونت کے اعترافات

القاعدہ کی مختلف سطحیں ہیں، اس کا ایک یا دو سرا راستہ ہم سے منسلک تھا، پاسداران انقلاب کے عہدیدار حسین اللہ کرم

واشنگٹن (این این آئی) دو روز قبل امریکی وزیر خارجہ نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں ایران کی جانب سے شدت پسند تنظیم القاعدہ کی ریاستی سطح پر مدد، سرپرستی اور عسکری تربیت کی تفصیلات بیان کیں۔ دوسری طرف ایرانی لیڈروں کی طرف سے ڈھٹائی کے ساتھ القاعدہ کی معاونت کا اعتراف بھی سامنے آیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تقریباً ایک سال قبل ایرانی پاسداران انقلاب کے روانا میجر جنرل سعید قاسمی نے کئی سال قبل ایرانی حکومت کے القاعدہ کے ساتھ تعاون اور اس کے کارندوں کو تربیت دینے کا اعتراف کیا تھا۔

جماعت اصلاح المسلمین برانچ گوٹھ فتح محمد بلوچ لاکھڑا کا سال 2021 کا چناؤ عمل میں لایا گیا

اوتھل (این این آئی) جماعت اصلاح المسلمین برانچ گوٹھ فتح محمد بلوچ لاکھڑا کا سال 2021 کا چناؤ عمل میں لایا گیا جس کی صدارت سائیں مہتمل شاہ ظاہری ضلعی نائب صدر میر محمد ظاہری عبدالعزیز ظاہری عبدالواحد چنا ظاہری اور مولوی محمد صدیق بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

بائیڈن کی حلف برداری سے پہلے سنجیدہ کارروائی کا امکان نہیں، میک کونیل

موافذے کا معاملہ سینیٹ میں آنے کے بعد قانونی دلائل سننا چاہتا ہوں، سینیٹ میں ری پبلکن رہنما

واشنگٹن (این این آئی) سینیٹ میں ری پبلکن رہنما میک کونیل نے کہا ہے کہ ٹرمپ کے عہدے کی مدت ختم ہونے سے پہلے مختصر وقت میں سینیٹ میں ٹرمپ سے متعلق غیر اور سنجیدہ کارروائی مکمل نہیں ہو سکتی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ ٹرمپ کے موافذہ سے متعلق اپنے ووٹ کا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ ری پبلکن رہنما نے مزید کہا کہ موافذہ کے معاملہ سینیٹ میں آنے کے بعد قانونی دلائل سننا چاہتا ہوں۔

جو بائیڈن انتظامیہ میں ایران پر پابندیوں کے منصوبہ ساز شامل ہیں، مندوب خامنہ ای

جو بائیڈن انتظامیہ ایران پر ٹرمپ کی سخت دباؤ کی